طریقہ روزگار
صحت بیمار
بے بہا خزانہ
نایاب تحفہ
دولت کمانے کے کامل
حصہ سوم
جنکو
پروفیسر شیخ کریم بخش صاحب سیاح
جاپان - امریکہ وغیرہ
نے
اپنے عباس سالہا کی محنتوں تجربوں کاوشوں
کوششوں سے
اور مشہور فلاسفروں کے اعلیٰ ہنروں
وغیرہ سے آراستہ کرکے عام الناس کو صحت اور دولت دونوں حاصل
کرنے کا نادر موقع دینے کی غرض سے
باجازت پریس ڈائرکٹر سکرٹری پنجاب مطبع کریمی لاہور میں طبع کرایا

بواسیر کی مجرب گولیاں

حکماء قدیم کا متفقہ قول ہے کہ بواسیر تمام امراض کی ماں ہے کیونکہ اس سے جگر۔ امعاء اور معدہ کے فعل دمساخت بگڑ جاتے ہیں اور جگر۔ معدہ۔ امعاء ہی انسان کے تمام جسم کا پیش خیمہ ہیں

وہ لوگ سخت غلطی پر ہیں جو بجائے اصل اعضاء کا علاج کرنے کے مسوں کو کاٹ کر اس مرض سے مخلصی چاہتے ہیں وہ طبیب جو تشریح جسم سے بے خبر ہیں الٹا علاج کر کے بواسیری مریض کو کئی بلاؤں میں گرفتار کر دیتے ہیں۔ میں نے تیس سال کے غور فکر اور تجربہ سے ثابت کیا ہے کہ اس مرض کے مختلف درجوں پر صرف یہی گولیاں اکسیر اعظم ہیں۔ میں نے ان گولیوں سے سینکڑوں لاعلاج کا علاج تحاصی کامیابی کے ساتھ کر کے سندات حاصل کیں۔ جیسی میں نے یہ گولیاں مفید اور لاجواب پائی ہیں۔ شاید ہی کوئی اور دوا ہو۔ ان گولیوں سے بواسیر خونی ہو یا بادی ریحی ہو یا سادی۔ موکھے۔ مسوے سب خود بخود مرجھا کر گر جاتے ہیں اور کسی ڈاکٹری اپریشن کی ضرورت نہیں رہتی۔ سیروں خون منٹوں میں نکل کر ندیوں آنا قطعاً بند ہو جاتا ہے۔ زائل شدہ طاقت دوبارہ بحال ہو کر چہرہ کی رنگت ایک آتی ہے اور ہمیشہ کے لئے ہر قسم کی بواسیر سے نجات ہو جاتی ہے۔ یہ ایک ایک گرنی ایک ایک پونڈ کو بھی سستی ہے۔

قیمت پوری صحت کے لئے تنہا گولی (للعہ) ۵۰ گولی (۱۲ عدد) محصول (۱۰) بذمہ خریدار پیشگی قیمت ملنے پر محصول معاف ہوگا۔

بابا ایٹنکا پوڈر

اگر کسی جگہ سے بال اُڑانا چاہیں تو اس پوڈر کو پتلی لیئی کی طرح پانی میں گھول کر لگا دیں صرف ۳ منٹ میں بال اُتر جاویں گے یہ پوڈر کیمیاوی اصولوں سے تیار کیا گیا ہے بے ضرر اور مجرب علاج ہے اس کے استعمال سے کسی قسم کی جلن سوزش نہیں ہوتی اور جلد خوبصورت ملائم نکل آتی ہے قیمت ۱۲ پیکٹ آنہ پیشگی

ویدیہ ڈاکٹر حکیم شیخ کریم بخش ساہ چین جاپان امریکہ وغیرہ کے سند یافتہ کیمیکل

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	تعداد انعام	صفحہ
۱	تمہید	.	۵
۲	کاربالک صابن بنانا	صہ	۹
۳	خوبصورتی چہرہ کا صابن بنانا	سے	۱۰
۴	بال سیاہ کرنے کا صابن	صہ	۱۰
۵	بال سیاہ کرنیکا ولایتی تیل بنانا	ماں	۱۶
۶	گیس کی روشنی پیدا کرنا	للعہ	۱۸
۷	کافور کی مالا	.	۲۰
۸	صندوق الماری وغیرہ پر روغن کرنا	صہ	۲۱
۹	شیشہ قلعی کرنا (بطریق ولایتی)	.	۲۳
۱۰	اکسیر حیات زندہ کرامات	ماں	۲۶
۱۱	معجون اکسیر جسم	للعہ	۳۲
۱۲	برص یعنی سفید داغ مٹانا	.	۳۴

نمبر شمار	مضمون	تعداد انعام	صفحہ
۱۳	کان سے یم بنانا	عام	۳۶
۱۴	نسخہ نزلہ زکام	للعہ	۳۷
۱۵	پھولہ چشم کا شرطیہ نسخہ	عنہ ۱۰	۳۸
۱۶	اکسیر موتیا بند	مال	۳۹
۱۷	لکنت زبان	۰	۴۱
۱۸	علاج مسہ یعنے موکہ	عہ	۴۲
۱۹	استسقا	ہے	۴۳
۲۰	دردکمر۔ فالج کا شرطیہ علاج	صہ	۴۴
۲۱	ریگ شانہ یعنے پتھری کا اکسیری علاج	صہ	۴۵
۲۲	فساد خون کا علاج	عام	۴۶
۲۳	جھولہ دادھرنگ	مثقہ	۴۸
۲۴	سستی اعضا کا روغن	صہ	۴۹
۲۵	لقوہ کا مجرب علاج	عنہ ۳۰	۵۰
۲۶	آتشک کا مجرب جلاب	صہ	۵۳
۲۷	روغن نامردی و سستی	عہ	۵۴
۲۸	کیمیائے عشرت	مال	۵۶
۲۹	حاداقوت مردانگی	عنہ ۲۰	۵۹
۳۰	سفوف قوت مردانگی	صہ ۵	۶۰
۳۱	مرگی کے لئے مجرب نسخہ		۶۲

نمبر شمار	مضمون	تعداد انعام	صفحہ
۳۲	پھوڑا پھنسی ہر قسم کیلئے	۵	۶۳
۳۳	اکسیر ناسور گھبیر	۵	۶۴
۳۴	اکسیر دانت	۵	۶۵
۳۵	تر قیدگی یا لینے بیائی	۵	۶۷
۳۶	سنخت دمہ کا سہل علاج	۵	۶۸
۳۷	رشتہ پا لیطے ناروا	۰	۷۰
۳۸	اکسیر تلی	۵	۷۰
۳۹	کند ذہنی کا علاج	۵	۷۳
۴۰	ذیابیطس یعنی سلسل بول	۵	۷۴
۴۱	اختناق الرحم یعنے باؤگولہ	۵	۷۰
۴۲	اکسیر نکسیر	۰	۷۶
۴۳	بالوں کی جوئیں دفع کرنا	۵	۷۷
۴۴	چہرہ کے کیل مٹانا	۰	۷۸
۴۵	اندھراتا	۵	۷۹
۴۶	منہ کے چھالے	۵	۸۰
۴۷	گلا صاف کرنا	۵	۸۱
۴۸	بچے کا منہ پکنا	۰	۸۲
۴۹	ورم ناف بچہ	۵	۸۳
۵۰	درد کان بچہ	۰	۸۴
۵۱	بچے کے چہرے پر پھنسیاں	۵	۸۵

نمبر شمار	مضمون	تعداد انعام	صفحہ
۵۲	گھنڈی بچہ	۰	۸۶
۵۳	بچوں کی مرگی و شکمی بیماریاں	۰	۸۶
۵۴	بچوں کے دست قے کھانسی تپ وغیرہ		۸۷
۵۵	بچے کو موٹا کرنا		۸۸
۵۶	کشتہ ہڑتال		۸۹
۵۷	کشتہ ہڑتال ورقی		۹۱
۵۸	کشتہ شنگرف		۹۲
۵۹	کشتہ مرجان		۹۳
۶۰	پرائیویٹ شاہانہ نسخہ		۹۴

جوابی خط لکھو مفصل فہرست

معہ سوانح مصنف

مفت ملیگی

الحمد للہ۔ کہ پیشتر بھی اس کتاب کے دو حصّے خاکسار نے پبلک کی بہتری کو مدنظر رکھکر لکھے جو عام قبولیت کے باعث پے در پے کئی دفعہ چھپے۔ اور قدر دانانِ وطن نے ہاتھوں ہاتھ خرید کر جو جو کامیابیاں حاصل کیں معززین کی تصدیقات سے روزِ روشن کی طرح ظاہر ہیں۔ چنانچہ فروری ۱۹۱۱ء میں شروع تالیف ہذا پر یہ نوٹ کیا گیا تھا کہ یہ کتاب موسومہ بہ دولت کمانے کی کل چار حصوں پر منقسم ہو کر ہدیہ ناظرین ہو گی۔ اس لئے میرے پیارے اہل وطن نے اول ہر دو حصوں کی فیضیابی کے بعد باقی حصوں کے لئے اس قدر فرمایشات کی بھرمار سے مجبور کر دیا۔ کہ مجھے دیگر تمام کاروبار چھوڑ کر بنا بالہ ہر دو حصوں کو یک

لخت تالیف کرکے ہدیہ ناظرین کرنا پڑا +

لہذا یہ تیسرا حصہ جو سابقہ حصوں کی نسبت کئی درجہ اعلےٰ اسرار کا خزانہ اور اکسیرات کا چشمہ ہے۔ محض قدر دانانِ وطن کے باعث نہایت فراخ دلی سے اپنے سینہ کی اُن معلومات سے جو سالہا سال کی تعلیم طبی و سیاحت ایشیا۔ یورپ۔ امریکہ وغیرہ سے حاصل شدہ تھی البرنز کرکے جولائی ۱۹۱۲ء کو پہلی دفعہ شائع کیا۔ اور اس کے بعد آجتک پے در پے کئی دفعہ۔

امید ہے کہ میری یہ تالیف ہر ایک خریدار کو اُن اشتہاریوں اور نیم حکیموں سے (جو جعلی فضول اور ذاتِ خلقِ خدا کو دھوکہ سے دے کر اپنی جیبوں کو گرم کرتے ہیں) بچانے اور اعلےٰ ہنر سکھلانے میں ایسا نمونہ دکھائے گی۔ جس کی نظیر فی زمانہ ملنی محال ہے۔ کیونکہ میں نے جاہلوں کی طرح اپنے مجرب نسخہ جات اور اعلےٰ ہنروں کو سینہ میں رکھکر جہالت کی موت مرنا پسند نہیں کیا۔ بلکہ جو کچھ شد بود مدت تک عمل میں آرہا تھا۔ ہر ایک کے سامنے رکھ دیا ہے ؎

قطرۂ خونِ جگر سے کردی تواضع وطن کی
سامنے مہمان کے جو تھا میسر رکھ دیا

چونکہ یہ کتاب (طریقہ روزگار و صحت بیمار) صرف اسی غرض پر صاف نیت سے لکھی گئی ہے۔ کہ حتی الوسع ہر ایک بشر کو فیض پہنچے۔ اس لئے جہاں تک ممکن تھا۔ ایسے سلیس اردو الفاظ اور

پتہ حکیم شیخ کریم بخش سنیاسی سیاح ایشیا۔ یورپ۔ امریکہ وغیرہ گجرات پنجاب۔

اعلےٰ خوش خط املا میں بڑی صحت کے بعد تیار کی گئی ہے تاکہ اس سے ہر ایک اردو شناس بھی فائدہ اٹھا سکے۔ بلکہ وقتاً فوقتاً اپنے لواحقین اور ہمسایہ دوست آشنا ہندو مسلمان وغیرہ سب کو فائدہ پہنچا کر فلاح دارین حاصل کرے۔ انشاء اللہ مجھ کو پورا یقین ہے۔ کہ جو شخص میری اس ناچیز تالیف کو خرید کرے گا۔ اس کے علاوہ اس کی آل و اولاد بھی کئی طرح کے فیض اٹھا کر خاکسار کو دعائے خیر کا موجب ٹھیرائے گی۔ پس ہر ایک صاحب دانش کو واجب ہے کہ اس کتاب کے ہر چہار حصہ ہر گھر کے علاوہ ہر پاکٹ میں رکھنے رکھانے کی کوشش کرے۔ اور فلاح دارین میں حصے لے ؎

آخر پر میں اس احکم الحاکمین سے دعا کرتا ہوں کہ وہ اس میری ناچیز تالیف کے مجرب نسخہ جات اور اعلےٰ ہنروں کو دوگنی طاقت دے کر تگنی قوت عطا بخشے۔ آمین۔ ثم آمین۔

غلطی اور معافی

سب صاحبان کی خدمت میں التماس ہے۔ کہ اگر میری اس تالیف میں کوئی سہو یا مجھ سے یا کاتب سے غلطی دوگنی ہو۔ تو بقول شخص ؎

فقیرم بجرم و گناہم مگیر
غنی را ترحم بود ہر فقیر

پردہ پوشی کرنے کے علاوہ خاکسار کو ضرور اطلاع دیں۔ تاکہ ایڈیشن ثانی میں صحت کر لی جائے۔ خیر اندیش۔

اشد ضروری نوٹ

میری کتابوں کے ہر نسخہ کو تیار کرنے سے پہلے اُس نسخہ پر اچھی طرح غور فرما کر سمجھ لیا کریں۔ جب نسخہ مذکور بخوبی ذہن نشین ہو کر پوری سمجھ میں آجاوے پھر بنا ازما کر اُس کے نتیجہ سے مجھکو ضرور اطلاع دیں۔ اگر فرصت کم ہو یا بعض جگہ عمدہ ادویات نہ مل سکیں۔ یا کوئی اور وجہ مانع ہو تو اُسی نسخہ کی لاگت کیلئے مجھکو پیشگی قیمت (جو کہ ہر نسخہ کے محاذ میں میری سب کتابوں پر درج ہے) بھیجکر وہ نسخہ بنوالیں۔ انشاء اللہ جبتک میری زندگی ہے میں زیر نگرانی خود آپ کی اس خدمت کو بھی حتی الوسع پورا کرونگا مگر یاد رکھیں بغیر پیشگی قیمت وصول ہونے کے ان کتابوں کا کوئی نسخہ بھی کسی صاحب کو ہرگز بنوا کر روانہ نہیں کروں گا۔ بیفائدہ خط وکتابت سے معافی دیں اور ضروری دریافت طلب امور کے لئے جوابی خط روانہ کریں تاکہ بواپسی ڈاک جواب بالتشریح آپ کو فوراً ملجاوے۔ بغیر جوابی خط کے جواب کسی صاحب کو ہرگز نہ دیا جائے گا۔ عبد اندیش مصنف

حکیم شیخ کریم بخش سنیاسی سیاح ایشیا۔ یورپ۔ امریکہ۔ وغیرہ۔ گجرات پنجاب (انڈیا)

باب اوّل

چند اعلےٰ ہنروں کے طریقے

کاربالک صابن بنانا

یہ صابن خاص انگلینڈ سے آکر اس ملک میں ہزار ہا روپے کا فروخت ہوتا ہے۔ جس کے فوائد سے ہر ایک واقف ہے۔ یہ صابن عام پھوڑے۔ پھنسیاں۔ خارش۔ خشکی۔ چھائی وغیرہ دُور کرکے دبائی ہوا کا اثر بدن سے دور کرتا ہے۔ خاصکر بچوں کو اس سے نہلانا نہایت مفید ہے۔ یہ نسخہ میں نے بڑی محنت کے بعد ایک انگریز سے حاصل کرکے بارہا تجربہ کیا ہے۔ جو اب محض ہمدردی اہل وطن کے لئے درج کرتا ہوں۔ اگر انصاف پسند غور کریں تو کیا یہ کم منافع والا نسخہ ہے۔ اگر میری تالیف سے صرف صابن کو ہی اعلےٰ پیمانہ پر تیار کرکے مثل انگریزی فرموں کے لیبل بکس بنوا کر عمدہ خوبصورت شکل میں فروخت کیا جائے تو کیا فائدہ کثیر نہ ہوگا۔ مگر بعض بے اعتبار جاہل سست بیکار لوگ بہت ہی ناشکر گذار ہوتے ہیں۔ جو استقلال اور ہمت سے کچھ بھی نہیں کرتے۔ بیکار بیٹھ رہنے سے خدا کی مدد دور ہوتی ہے۔ ہر ایک کام کوشش اور مردانگی سے سرانجام ہوتا ہے۔ جو محنت کے

پسینے کی کمائی حاصل کی جائے کبھی ضائع نہیں ہوتی ؎

ناشیر خدا نے بڑی محنت میں ہے پائی
دکھاتی ہے عجب لطف پسینے کی کمائی

بہر کارے کہ ہمت بستہ گردد اگر خارے بود گلدستہ گردد

میں یہ نہیں کہتا۔ کہ تم اپنی ملازمت چھوڑ دو۔ یا اپنا قدیمی پیشہ ترک کردو۔ ہاں بیکاری کی حالت میں یا بوقت فرصت تجارت یا حرفت کرنا عقلمندی ہے۔ ورنہ حسب ضرورت خانہ داری کے لئے تیار کرکے فائدہ اٹھادیں۔ تاکہ فضول خرچی کی عادت جاتی رہے۔ میرا کام کہدینا۔ بتادینا۔ سنادینا ہے۔ خداوند کریم وہ دن جلد لاوے کہ لوگ میری تحریر پر عمل کریں۔ اور محسن کا احسان یاد کرکے اس کے شکر گذار بندے بن جادیں۔ آمین ثم آمین۔

میں نے اس نسخہ کی غلطی پر مبلغ پانچ روپیہ (صہ) انعام بھی محض آپ کی تسلی کے لئے رکھ دیا ہے ؎

گر قبول افتد زہے عز و شرف

نسخہ

کاسٹک سوڈا۔ آدھ پاؤ۔ پانی مصفا۔ تین پاؤ۔ ناریل یعنی گری کا تیل۔ آدھ سیر۔ مہدہ دہلی والا۔ ایک چھٹانک۔ کاربالک ایسڈ ایک تولہ۔ برگ نیم تازہ خشک۔ دو چھٹانک ٭

ترکیب ساخت :۔ اول برگ نیم کو پانی میں آٹھ پہر بھگو کر

پکا کر خوب مل چھان کر حاصل کرو۔ پھر سوڈے کو نیم کے پانی میں کسی مٹی کی پرات میں ڈال کر لکڑی سے حل کر لو۔ اور تیل کو اگر جما ہوا ہو۔ تو بذریعہ آگ نرم مثل تیل سرسوں کر کے میدہ کو ہاتھ سے حل کر لو۔ پھر دونوں حل شدہ اجزا کو ملا کر اور آگ پر رکھ کر لکڑی سے ہلاتے جاؤ۔ اور کاربالک ایسڈ اثنائے قوام میں ڈال کر ہلاتے رہو۔ جب مثل حلوہ ہو جائے۔ تو کسی انہیل یا چینی یا شیشہ کے برتن میں ڈال کر جما دو۔ بعد تین گھنٹہ کے چکی کاٹ کر سانچہ میں دے کر حسب منشا حروف۔ نمبر وغیرہ لگا لو۔ اور بکسوں میں بند کر کے لیبل لگا کر فروخت کرو۔

نوٹ سانچے حسب منشا لوہے۔ پیتل۔ تانبے۔ وغیرہ کے بعض بعض شہروں کے کاریگر بناتے ہیں۔ جہاں سے دل چاہے خود بنوا لو۔ حتی المقدور جھوٹ۔ فریب۔ دغا۔ جعلسازی سے بچو اور موت کو ہر وقت یاد رکھو۔ تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ اگر تم خلق اللہ پر رحم کرو گے۔ تو خدا تمہارا معاون ہوگا۔ آخر تم نہ رہو گے۔ تو تمہارا نام رہ جائیگا ؎

سرا ہے یہ فانی کہ جس میں شام و سحر کسی کا کوچ اور کسی کا مقام ہوتا ہے

شعر

عیسیٰ نفسوں کو کیا موت نے لاچار ہشیار کو لازم رہے مرگ سے ہشیار

خوبصورتی چہرے کے لئے نرالا صابن بنانا

شعر حسن و خوبی کا بھی دنیا میں ہے عجب کیا جسکا جم جاتا ہے ہر آنکھ نقشہ کیا

ہو وہ انسان میں یا پھول یا پتھر میں
وہ لیتا ہو وہ نظارے کو اک منتر میں

یہ صابن کچھ روز بلا ناغہ استعمال کرنے سے چہرہ کی آب و تاب اور رنگ ڈھنگ کو ایسا چمکا دیتا ہے کہ گلابی پھول کی طرح خوبصورت اور مخمل کی طرح ملائم ہو جاتا ہے۔ تمام چہرے کے کیل۔ داغ دھبے۔ خارش۔ چھائیاں۔ وغیرہ کو تھوڑے عرصہ میں دور کر کے چہرہ حسن افزا کر دیتا ہے اگر جسم پر مل کر نہایا جائے۔ تو جسم کو بھی ملائم ریشم کی طرح چمکیلا کرتا ہے ایسے نسخوں کے فی زمانہ عام شائق ہیں۔ لہذا میں نے اپنے اُستاد حضرت نواب ملے شاہ صاحب مرحوم کے قلمی بیاض سے یہ نسخہ خود تجربہ کر کے رفاہ عام کیلئے درج کر دیا ہے۔ اب آپ خود بنا کر لطف اُٹھاویں اور دعائے خیر سے یاد فرماویں۔ اگر اس کی تجارت بھی کی جاوے تو بے شمار ترقی حاصل ہو سکتی ہے۔

نسخہ

انگریزی نرم صابن ۵ تولہ۔ بادام روغن ایک تولہ۔ بائی کارب سوڈا ۹ ماشہ۔ جو یا چاول کا آٹا ایک تولہ۔ انبہ ہلدی ۳ ماشہ کافور ۲ ماشہ۔ کتھ تلخ ۳ ماشہ۔ مردہ سنگ ۷ ماشہ۔ روغن گاؤ ۱ تولہ جلوتری ۲ ماشہ۔ پانی ۲ تولہ۔ گلیسرین حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت

اول مردہ سنگ کو آگ میں گرم کر کے بار بار روغن گاؤ میں تین چار دفعہ بجھا دے کر باریک پیس لو۔ پھر ہلدی۔ کتھ۔ جلوتری۔ کافور کو باریک کپڑے

چھان کر کے ملالو۔ پھر صابن کو باریک کتر کر پانی میں ملا کر گرم کرو جب پگل کر آپس میں حل ہو جاوے پھر روغن بادام اور سوڈا وغیرہ سب ادویہ ڈال کر پھرتی سے سب کو حل کر کے ٹکیہ بنالو۔ اگر خشک رہ جاوے تو گلیسرین حسب ضرورت ملالو۔ جب سوکھ جاوے تو عمل میں لاکر خاکسار کو بھی ضرور اطلاع کرو غلطی نسخہ ہذا پر مبلغ تین روپے انعام۔ اطمینان کے لئے ہے۔ اگر یہ صابن ہم سے منگوانا چاہو تو ۳ ٹکیہ کا ایک بکس عمدہ روپیہ پیشگی قیمت بھیجکر طلب کرو۔

نوٹ۔ سوڈا ہائی کارب اور گلیسرین انگریزی دوافروشوں سے اور باقی سب ادویہ عام پنساریوں سے خریدو۔ اس کے بعد کچھ ضرورت نہیں۔ کہ کسی دیسی عطر یا ولایتی لونڈروں پر روپیہ برباد کرو۔ کیونکہ اس میں آپ دیگر خوشبو بھی حسب منشا ملا کر تیار کر سکتے ہیں۔ بلکہ اپنے ہمسایہ دوست۔ بھائی۔ بہن۔ بیوی کو بھی یہ نسخہ سمجھا۔ سکھا کر نیکی حاصل کرو۔ کیونکہ نیکی ہمدردی بھلائی کرنے سے ہی انسان کو اللہ تعالیٰ کا مینا کرتا اور عزیز رکھتا ہے۔ سب سے بڑھکر عبادت یہی ہے۔ کہ ہر ایک سے حتی الوسع نیکی کی جاوے۔ ؎

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
حمد و تسبیح کے لئے کیا کم تھے یہ کروبیان

تم لوگوں پر رحم کرو۔ تاکہ تم پر بھی رحم کیا جاوے خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اس پر عمل کرتے ہیں۔ اور ہر دو جہان میں نصرت کے اعلےٰ منصب حاصل کرتے ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں۔ کہ خداوند تعالیٰ تمہیں اور ہمیں توفیق دے۔ آمین۔ ثم آمین

اگر کسی نسخہ کی سمجھ نہ آوے تو جوابی کارڈ بھیجکر دوبارہ دریافت کرلیا کریں۔ بغیر جوابی کارڈ یا لفافہ جواب نہ ملیگا ٭

بال سیاہ کرنے کے عجیب نسخے

پُرانے زمانہ کے لوگ باقاعدہ اعتدال کی زندگی بسر کیا کرتے تھے اس لئے اُن کے بال بھی سفید اسی وقت ہوا کرتے تھے۔ جب کہ وہ بھی وہ بوڑھے ہو جاتے تھے۔ محض اس لئے وہ لوگ سفید بالوں کو تشبیہ موت دیا کرتے تھے۔ لیکن زمانہ حال میں جس قدر لوگ بے اعتدالیوں سے زندگی بسر کرنے لگے۔ اسی قدر قبل از وقت ان کے بال بھی سفید ہونے لگے۔

پس اگر آج کل سفید بال پیام اجل نہیں تو دشمن جوانی ضرور مانے جاتے ہیں۔ ؎

جوانی کا دشمن ہے موئے سفید کرو اس کو کالا برائے امید

معزز زیر کو۔ سفید بال عورت کے پہلو میں تیر ہوتے ہیں۔ جو کانٹے کی طرح اُس کو ہر وقت کھٹکتے ہیں۔ یہ بال اس کو دبال ہو جاتے ہیں۔ طبیعت جوانی کی طرف مائل ہوتی ہے۔ ان بالوں کو دیکھ کر جان گھائل ہوتی ہے۔ پس اگر آپ بڑھاپے میں بھی جوانی کا لطف اٹھانا چاہتے ہیں تو یہ چند نسخے خضاب نایاب کے درج ذیل ہیں۔ ان میں سے حسب منشا بنا کر استعمال کریں ٭ شعر

گر دیکھنا ہو پیری میں عالم شباب کے
تو کر کے دیکھو نسخے ہمارے خضاب کے

بال سیاہ کرنیکا اعلیٰ صابن بنانے کا آسان طریقہ

یہ خضابی صابن نہایت ہی اعلےٰ درجے کا ہے۔ اسمیں یہ خاصیت ہے کہ فوراً لگاتے ہی سفید بالوں کو سیاہ کر دیتا ہے۔ آج کل جسقدر خضابی صابن کے اشتہارات تقسیم ہو رہے ہیں۔ صرف انہی اجزا کی کمی بیشی سے تیار کردہ ہوتے ہیں۔ اسی خضابی صابن کو لاہور۔ امرتسر۔ دہلی۔ کلکتہ وغیرہ میں تیار کر کے لوگ ہزارہا روپے کما رہے ہیں۔ یہ بے روزگاروں حکیموں ڈاکٹروں کے لئے معقول آمدنی کا ذریعہ ہے۔ اگر عمدہ طریق اور محنت سے صرف یہ ہی نسخہ بڑے پیمانہ پر کیا جاوے تو تمام اخراجات دنیاوی پورے ہو سکتے ہیں۔ شعر

جسے محنت کی ہو عادت سعادت اُسے سمجھو۔
ہاتھوں میں ہو ہنر تو کرامت اُسے سمجھو

نسخہ صابن خضابی

ارجنٹی نائیٹراس (جانسن) ½ تولہ۔ انگریزی صابن درجہ اوّل۔ نیم چھٹانک۔ سفوف نشاستہ ایک چھٹانک۔ لیکوائر ایمونیا فورٹ۔ حسب ضرورت +

ترکیب ساخت

ارجنٹی نائیٹراس اور صابن خوب باریک پیسکر نشاستہ میں ملا کر ایمونیا اس قدر ملا دیں کہ ٹکیہ بن جاوے۔ یہ خضابی صابن

ہے ✤

نوٹ ارجنٹی فائیٹراس اور ایمونیا انگریزی دوافروشوں سے خریدلیں۔ باقی عام بازار سے ✤

ترکیب استعمال

پہلے بالوں کو دھوکر خشک کریں۔ پھر شیشی نمبر اول (جو اگلے نسخہ میں درج ہے) اس کا عرق لگاکر خشک کریں۔ پھر صابون کو پانی میں رگڑ کر گاڑھی سی جھاگ لگالیں۔ بال فوراً سیاہ بھورے ہوجائیں گے۔ بعدہٗ روغن آملہ یا حنا لگاکر بال سنوار لیں ✤

آپ کا فرض ہے کہ جب کوئی نسخہ آزمادیں۔ تو نتیجہ سے ضرور خاکسار کو بھی اطلاع دیں۔ اگر کسی نسخہ کی سمجھ نہ آوے۔ تو جوابی کارڈ بھیج کر دوبارہ صحت کرلیں۔ انشاء اللہ بخوبی سمجھادیا جائیگا۔

خضاب نایاب یعنی بال سیاہ کرنیکا ولایتی تیل

اس خضاب کا رنگ بہ نسبت تمام خضابوں کے زیادہ پختہ ہوتا ہے مگر یہ دو دفعہ دو شیشی سے استعمال کرنا پڑتا ہے۔ یہی نسخہ سب سے پہلے امریکہ کے دو اسازوں نے تیار کیا۔ پھر رفتہ رفتہ لنڈن۔ بمبئی کلکتہ۔ کراچی۔ لاہور وغیرہ وغیرہ شہروں کے دو اسازوں نے بھی بناکر اشتہاروں کے ذریعہ بڑے فرموں پر فروخت کیا۔ صرف ایک نایاب خضاب ہے۔ جس کو اب تک ہندوستان میں عام معززین یا جن کے پسند آرہا ہے۔ برابر دو ڈھائی روپے کو منگاکر استعمال

کر رہے ہیں۔ جس کا مکمل نسخہ خلق خدا کی بہتری کے لئے درج ہے ع
گر قبول اُفتد زہے عز و شرف

نسخہ شیشی نمبر اول

سپرٹ ریکٹی فائڈ	۱ نمر اونس
ایسڈ پیرو گیلک	۲ ڈرام
عمدہ عرق گلاب	۴ چھٹانک

نسخہ شیشی نمبر دوم

ارجنٹ نائٹراس	ایک ڈرام
لیکوئر امونیا فورٹ	ایک اونس
پانی مصفا	۱۲ چھٹانک

ترکیب ساخت

نسخہ شیشی نمبر اول۔ سب ادویہ ملا کر ایک سفید شیشی میں ڈال کر نمبر اول کا لیبل لگا دیں

اور نسخہ شیشی نمبر دوم کی ساخت اس طرح کریں کہ نائٹراس کو اول تھوڑے سے پانی میں خوب حل کریں۔ جب بخوبی حل ہو جاوے پھر اس میں ایمونیا ملا کر رکھ دیں۔ بعد دو چار گھڑی کے باقیماندہ پانی بھی ملا کر نیلے رنگ کی شیشی میں (یا سفید شیشی کے باہر سیاہ یا نیلا کاغذ لگا کر) ڈالیں۔ اور نمبر دوم کا لیبل لگا لیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال

پہلے بالوں کو صابن سے یا سوڈا کو گرم پانی میں ڈال کر اس سے دھو لیں۔ جب بال خشک ہو جاویں پھر شیشی نمبر ۱ میں سے حسب ضرورت دوائی کسی چینی کے پیالہ میں نکال کر برش یا کنگھی

لگا کر اُس سے لگا دیں۔ خشک ہونے پر نمبر دوم کی شیشی سے کسی دوسرے پیالہ میں دوسرے برش یا تنکے سے لگا دیں۔ اور دھوپ میں بیٹھکر خشک کر لیں بال بالکل سیاہ ہو جاویں گے۔ ایک گھنٹہ کے بعد روغن حنا۔ یا آملہ ملکر بال سنوار لیں۔

نوٹ نمبر ۱۔ اگر ماجو کے پانی سے بال دھو کر یہ خضاب کیا جاوے تو سیاہی اور بھی زیادہ ہو۔

نوٹ نمبر ۲۔ اس نسخہ کی شیشی نمبر ۱ خضابی صابن پر بھی استعمال کی جاتی ہے۔

ان دنوں اس نسخہ سے عمدہ زود اثر نسخوں میں خضاب کرنے کا کوئی شخص اور نسخہ تیار کر دے تو میں علاوہ خرچ آمد و رفت کے ایک سو روپیہ انعام دینے پر تیار ہوں۔ پس اس سے بڑھ کر آج تک امریکہ والوں سے بھی کوئی خضاب تیار نہیں ہو سکا۔ اس کو بنا کر فائدہ اُٹھانے کے بعد خاکسار کو ضرور اطلاع دیں۔

معمولی لمپ کو گیس کی روشنی پر جلانیکا آسان طریقہ

اس ہنر کو میں نے آجتک سوائے امریکہ کے اور کسی جگہ نہیں دیکھا اور امریکہ میں بھی فرداً فرداً کفایت شعار مجربہ کار کے سوا تا حال عام طور پر رائج نہیں۔ مجھ کو یہ ہنر اتفاقاً مل گیا۔ جس کے ملنے کا باعث یہ ہوا کہ میں گاہ بگاہ ایک امریکن دوست کے پاس جایا کرتا تھا۔ اور اُس کے گھر پیشہ لیمپ مثل گیس جلتا دیکھتا تھا۔ ایک روز لیمپ کا ذکر شروع کر کے دریافت کیا۔ جس پر اُس نے مجھے یہ نسخہ بتلایا۔ جس کو میں نے فوراً ہی تجربہ کر لیا اور

مدت فائدہ اُٹھاتا رہا۔ اب محض کفایت شعاری اور بالانشینی کے باعث عام پبلک کو آگاہ کرکے دعاخیر کا موجب ٹھیرتا ہوں۔ ع

گر قبول افتد زہے عزّ و شرف

نسخہ

کافور۔ ۱ تولہ۔ ست جوانن۔ ۴ ماشہ۔ شراب برانڈی خالص اور تولہ بتی لیمپ حسب ضرورت ٭

ترکیب ساخت

اول کافور اور ست کو شیشی میں ڈال کر ایک گھنٹہ دھوپ میں رکھیں جب وہ آپس میں مل کر مثل تیل حل ہو جاوے۔ پھر شراب ملا کر ایک گھنٹہ اور دھوپ میں رکھیں۔ جب سب آپس میں خوب حل ہو جاویں۔ پھر لیمپ کی بتیاں اُس قدر کہ جن میں وہ برانڈی وغیرہ جذب ہو جاوے ڈال کر کارک لگا دیں بس تیار ہے ٭

ترکیب استعمال

وقت ضرورت اس شیشی سے ایک بتی نکال کر عام لیمپ جس میں مٹی کا معمولی تیل ڈالا گیا ہو میں ڈال کر جلا دیں۔ نہایت اعلیٰ روشنی ہوگی جو تھ کنگن کو آرسی کیا۔ تجربہ کرکے آپ بھی دیکھ لیں نسخہ درج ہو چکا ہے۔ میری تالیف کا ہر ایک نسخہ آزمانے کے بعد اپنی قیمتی رائے کا اظہار بطور سارٹیفکیٹ دیا کریں۔ تاکہ آپ کی کامیابی پر میرا دل خوش ہو۔ اور نامعلوم ہر دوبارہ سہ بارہ سکھانے کی کوشش کی جاوے۔ اسی کو ہمدردی

کہتے ہیں دوم ممکن ہے کہ آپ کا نام نامی بھی معزز تصدیقات دہندہ کی فہرست میں نمبر اول پر لکھا جاوے ✤

نوٹ :- برانڈی شراب اور کھلے منہ کی شیشی (جس میں کہ پیپ کی بتیاں بآسانی ڈال سکو) انگریزی شراب خانوں سے یا دواخانوں سے خریدو - اگر نسخہ غلط ہو تو للعہ ر انعام ✤

کافور کی مالا بنانے کا اعلےٰ ہنر

دنیا میں ایسا کوئی بشر نہیں۔ جس کی زبان پر یہ کلمہ نہ ہو کہ ہنر نر بے ہنر خر بلکہ ہر انسان کی فطرت میں قدرتاً یہ مادہ ہے کہ جب کوئی انوکھا کام دیکھتا ہے تو ضرور اُس کے سمجھنے پر غور کرتا ہے۔ مگر ایسے بہت کم ہیں۔ جو اس کے سیکھنے پر دل وجان سے آمادہ ہو کر منزل مقصود تک پہنچتے ہیں۔ ہاں اگر محنت اور قوت کی قید نہ ہو تو ہر ایک انسان کل دنیا کے اسرار کار و غیرہ سیکھنے میں اپنی کامیابی کیلئے کوشش کرے۔ فی زمانہ اگر کسی ترکیب کے اجزا ماہران صنعت یا حکمت سے دریافت کئے جاویں تو وہ جھڑک کر جواب دیتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ اگر یہ راز عام پر فاش کر دیا جائے۔ تو ہماری کیا قدر؟ اے احکم الحاکمین تو ان لوگوں کے دلوں کو کینہ اور حسد کی آگ سے پاک کر اور اپنے رحم کا نور بھر دے۔ تاکہ وہ تیری دی ہوئی نعمت لیاقت اور ہمت سے بنی نوع انسان کو فائدہ پہنچائیں۔ آمین۔ مجھے اگر زندگی نے وفا کی تو ہر ایک صنعت کے علاوہ طبابت کے مجرب نسخہ جات کو دجو معاش اور صحت پر ایک نئی شاہ راہ تیار کرنے کے باعث انوکھے نظر آویں گے) بھی لکھ کر پبلک کی خدمت میں تازیست پیش کروں گا۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ

بتہ حکیم شیخ محمد بخش سیاح امریکہ و یورپ۔ ایشیا وغیرہ۔ گجرات پنجاب

میری دلی آرزو ہے۔ کہ جو کچھ بھی میرے سینہ بے کینہ میں ہے وہ مٹی میں ضائع نہ جاوے۔ بلکہ میں اپنی چند روزہ زندگی میں اس کو عام پبلک کے سینہ میں تخم بڑھ کی طرح بو جاؤں۔ تاکہ وہ کسی وقت پھل پھول کر کل دنیا کو فائدہ پہنچاوے۔ جس سے ہر ایک دعا خیر سے یاد کرے۔ بلکہ قیامت تک ناکام کا نام زندہ رہے اور بس ٭

نوٹ۔ جو جو صاحب میری زندگی کے ایام میں کسی نسخہ یا ہنر کو بنا دیں۔ تو اس کے نتیجے سے مجھ کو ضرور اطلاع کر دیا کریں۔ تاکہ کامیابی پر شکر اور ناکامیابی پر دوبارہ تربیت کا حامی ہو کر فلاح دارین حاصل کروں۔

کریم بخش

کافور کی مالا بنانے کا نسخہ

مشک کافور ۵ تولہ سپرٹ ریکٹی فائڈ ۱۰ تولہ

ترکیب ساخت

کافور کو خوب باریک پیس کر الگ رکھ لیں۔ پھر ریکٹی فائڈ کو (جو انگریزی دوا فروشوں سے عام ملتی ہے) کسی قلعی شدہ کڑچھی میں ڈال کر کوئلہ کی آگ پر رکھیں۔ جب وہ گرم ہو جاوے فوراً سفوف شدہ کافور ڈال کر پھرتی سے کسی پتھر وغیرہ کے ساتھ حل کر لیں۔ جب بخوبی حل ہو جاوے اتار کر نیم گرم کی حسب منشا گولی بنا کر کسی سلائی سے سوراخ کر کے رکھتے جاویں۔ جب ٹھنڈا ہو کر سخت ہو جاوے ڈور میں ڈال کر مالا یعنی تسبیح بنا لیں۔ آزمودہ ہے

ترکیب استعمال و فوائد۔ گلے میں ڈالنے سے طبع کو فرحت دل و

دماغ کو طاقت۔ ذات الجنب۔ تپ دق۔ اور پرانے درد ریح و سوزش جگر وغیرہ تمام بیماریوں کو دور کرتی ہے۔ اگر بار بار سونگھا جاوے تو نیند دور کرتی ہے۔ اگر سہوا اس کے چند دانے کھائے جاویں تو زہر قاتل ہے۔

ھدایت:۔ اگر سہوا اس کے کھانے سے زہر سرایت کر جاوے تو مصبر یکتوری۔ کیسر وغیرہ دینے سے آرام ہو جاتا ہے۔ اس کے بنانے کے بعد خاکسار کو ضرور اطلاع کریں۔

بورڈ۔ الماری۔ صندوق وغیرہ پر روغن کرنا۔

گذشتہ زمانہ میں یہ روغن رنگسازوں پینٹروں کی خدمت کے بغیر ہرگز سمجھ میں نہ آتا تھا لیکن اس روشن زمانہ میں یہی روغن ولایت سے بنے بنائے آکر ہزاروں روپے کے فروخت ہوتے ہیں۔ گو قیمت گراں اور بند ڈبہ کے سوا نہیں ملتے۔ مگر دیسی سے بڑھ چڑھ کر صفائی اور پختہ ہوتے ہیں۔ یہ کام پریکٹس یعنی مشق سے دن بدن اعلےٰ لائق تجارت ہوتا ہے۔ مگر جو صاحب ضرورت کے وقت کم خرچ بالانشین اپنے ہاتھ سے کرنا چاہیں ان کیلئے صرف چند پیسہ میں اعلےٰ کام کرنے کا دیسی طریقہ جو کمال محنت سے حاصل کر کے بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ درج کرتا ہوں۔ تاکہ سب ناظرین فائدہ اٹھا کر دعائے خیر سے یاد فرماویں۔

نسخہ:۔ چیڑہ لاکھ چھٹانک۔ روغن السی ۴ تولہ۔ روغن تارپین اور چھٹانک

ترکیب ساخت:۔ اول روغن السی اور لاکھ کو کسی مٹی کی ہنڈیا میں ڈالکر نرم آگ پر پکاؤ۔ جب ہر دو گل کر آپس میں مل کر عمدہ مرکب ہو جاوے۔ پھر اتار کر رکھ لو۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال

جس چیز پر روغن کرنا منظور ہو۔ اس کو اول عمدہ صاف کر لو۔ مثلاً لکڑی کی اشیاء کو کاغذ ریگ مال سے جو بازار بنا بنایا بکتا ہے۔ اور لوہے ٹین وغیرہ کو ریت اور پانی سے رگڑ کر جب وہ خشک ہو جاوے تو پھر پکے ہوئے روغن میں سے کسی پیالہ میں حسب ضرورت مرکب ڈال کر اور روغن تارپین اس قدر کہ جس سے وہ پتلا ہو کر اس پر بخوبی لگ سکے ملا کر لگا کر دو صوپ میں رکھ دو۔ اگر کوئی رنگ کرنا ہو تو حسب منشا عمارتی رنگ جو بازار میں عام بکتے ہیں۔ اول ملا کر بعد میں اشیاء پر لگا کر خشک کرو جب وہ خشک ہو جاوے پھر اسے دوبارہ سہ بارہ جس قدر گاڑھا کرنا ہو کر لو۔ جب بالکل آپ کے حسب منشا رنگ یا روغن ہو کر سوکھ جاوے تو چمکدار اور پختہ کرنے کے لئے روغن تارپین میں تھوڑا قوام مذکور ملا کر اور حل کر کے مثل پانی اس پر ایک دو دفعہ لگا کر خشک کر لو۔ عمدہ چمکدار روغن ہو جائیگا۔ اس نسخہ کی غلطی پر مبلغ صہ روپے کا انعام اطمینان کیلئے کر دیا ہے آپ بیفکر ہو کر بناویں۔ اور دعائے خیر کرنے کے علاوہ خاکسار کو نہ صرف اس کے بلکہ اس کتاب کے ہر ایک نسخہ کے نتیجہ سے ضرور اطلاع دیں اور اگر کسی نسخہ کی سمجھ نہ آوے یا تیار کرنے کی مہارت نہ ہو۔ یا کوئی غلطی کھا جاویں تو جوابی کارڈ روانہ کر کے دوبارہ سمجھ لیں۔ یا خود آکر سیکھ جائیں

شیشہ قلعی کرنیکی اعلیٰ ترکیب

دیسی ترکیب سے قلعی کرنے کا طریقہ اول حصہ میں درج کیا ہے لیکن

اس میں ہاتھ کی صفائی اور مشق کی زیادہ ضرورت ہے۔ جس کے باعث اس طریق سے بہت کم صاحبان نے فائدہ اُٹھایا ہے۔ اس لئے اب دوسرا انگریزی طریق جو نہایت اعلےٰ اور آسان ہے۔ خاص امریکہ سے سیکھا ہوا یہاں درج کر کے کہتا ہوں فائدہ اُٹھاؤ اور یاد رکھو کہ اپنا علم بتلانے سکھانے سے کبھی کم نہیں ہوتا بلکہ ترقی پکڑتا ہے۔ کیا یورپ و امریکہ کے تجربہ کاروں کو آپ نے نہیں دیکھا کہ جن کے علم ان کو معلومات ہوں ہزارہا کتابوں کے ذریعہ ہر ایک ملک میں شائع کر دیتے ہیں۔ اسی کا نام بھلائی اور ہمدردی ہے جو انسانیت کا اعلیٰ گُر ہے۔ ہم تم سب کو واجب ہے کہ جب تک زندہ رہیں حتی الوسع دروغ جھوٹ سے بچنے کی اور اپنا علم و ہنر دوسروں پر ظاہر کرنے کی کوشش کریں۔ آدمی تین چیزوں سے ہلاک ہوتے ہیں۔ غرور۔ حسد۔ طمع۔ غرور کر کے ابلیس شیطان بن گیا۔ حسد سے ہابیل کو قابیل نے مارا۔ طمع سے آدم علیہ السلام بہشت سے نکلے۔ **اوہو**۔ ذکر نسخہ تھا۔ اور یہ نصیحت نامہ شروع ہو گیا لو سنو۔ نسخہ یہ ہے۔ نسخہ

نائیٹریٹ آف سلور ۲۰ تولہ۔ اسپرٹ آف ہارٹش ہارن ۱ تولہ پانی مصفا ۵ تولہ۔ سپرٹ آف وائن ۷۰ تولہ۔ روغن دار چینی ۳ ماشہ ڈیلوٹڈ آئیل آف کلوور ۲ ماشہ۔ موم ۲ تولہ۔ چربی ۱ تولہ۔ سندھور ۳ ماشہ۔ کھڑیا مٹی ۱۰ تولہ۔ شیشہ ۲۶ + ۱۶ - انچہ۔

ترکیب ساخت

نائیٹریٹ آف سلور اور اسپرٹ آف ہارٹش ہارن کو پانی میں ملا کر خوب حل کرو۔ پھر چوبیس گھنٹہ کے بعد اسپرٹ آف وائن اور روغن دار چینی ملا دو

پھر چھ گھنٹہ کے بعد جس شیشہ پر قلعی کرنا ہو۔ اس کی سطح صاف کر کے چاروں طرف کھڑیا مٹی کے گارے سے دیوار اس قدر اونچی بناؤ۔ کہ جس میں پانی ڈالا ہوا ۱ انچ کھڑا ٹھیر جائے۔ پھر کسی ہموار میز وغیرہ کی جگہ پر شیشہ کی سطح کو تھوڑا گرم کر کے رکھو۔ اور مرکب ہیں (ڈیلویڈ آئیل آف کلوز) حل کر کے فوراً شیشہ پر ڈال دو۔ پھر دو گھنٹہ تک شیشہ اُسی طرح پڑا رہنے دو۔ ۲ گھنٹے بعد زائد دوائی نکال دو شیشہ قلعی ہو چکا ہوگا۔ پھر موم اور چربی گلا کر اور سندھور ملا کر نیم گرم ڈال کر دو گھنٹہ اور پڑا رہنے دو۔ بعد کھڑیا مٹی اُتار دو۔ اور شیشہ کام میں لاؤ۔ نہایت اعلےٰ ہوگا۔ اس کو بنانے کے بعد خاکسار کو ضرور اطلاع دو ✣

نوٹ۔ یہ مرکب شیشہ پر جس قدر لگنا ہوگا۔ خود بخود لگ جاوے گا باقی ماندہ دوسری دفعہ اور شیشہ پر استعمال ہو سکتا ہے ✣

باب اوّل ختم ہوا

بار بار پکار کر کہا جاتا ہے:۔ کہ جس نسخہ کی سمجھ نہ آوے یا تیار کرنے کی مہارت نہ ہو۔ یا کوئی غلطی کھا جاوے۔ تو جوابی کارڈ یا ٹکٹ بھیج کر دوبارہ دریافت کرے۔ یا خود آ کر پاس بیٹھ کر سیکھ جاوے۔ میں سب کو سکھانے پر تیار ہوں۔ اور جس نسخہ کو آپ بنا کر آزماؤ اس کے نتیجہ سے ضرور اطلاع کرو۔ تاکہ آپ کا نام نامی بھی معززین کی فہرست میں درج کیا جاوے جو صاحب اس کتاب کے ہر ایک نسخہ جات کو بنا کر مجھ کو اطلاع کریگا میں اس کو انعام دونگا جس کی تعداد پانچ روپے سے لے کر بیس روپیہ تک رکھی گئی ہے ✣ کریم بخش

باب دوم

فصل اوّل مجرّب نسخے

اکسیر حیات زندہ کرامات

یہی آب حیاتی ہے خضر جس سے ہوا زندہ
یہ آب زندگانی ہے نہ سمجھو جھوٹ کا پھندہ
جسے پانی سمجھتے ہو یہی اکسیر اعظم ہے
یہی امرت ملی جس کو وہ رہتا ہے سدا زندہ
اسی کو روح زینت سے پکارا کامل الباقر نے
گھر کا ڈاکٹر ڈھونڈو۔ تو ملتا ہے یہ بے چندہ
یہی پیر و جواں کا یار کایاں پلٹ کرتا ہے
زن و بچہ جواں بوڑھا ہے اس سے سدا زندہ
عجب تاثیر ہے انمیں جو برتے گا وہ مانیگا
کریمی بخش کی تعریف سے عاجز ہے یہ بندہ

سب سے پہلے سکندر رانے یہ دوا اپنی سلطنت کے بڑے بڑے عالی دماغ کامل الباقر کی تحقیقات سے ایجاد کرا کر استعمال کی۔ پھر سابقہ زمانہ کے کاملین کے سینہ بسینہ چلی آئی۔ زمانہ حال میں سب سے پہلے امریکہ کے عالی دماغ دواسازوں نے بڑے بڑے فرموں پر تیار کر کے بخوبی عروج دیا جس کی تجارت سے وہ مالا مال ہو گئے ٭

پھر انگلینڈ ہندوستان وغیرہ وغیرہ ملکوں میں رائج ہوئی۔ یہانتک کہ آجکل انڈیا میں بڑے بڑے شہروں کے نامی حکام عام اخباروں میں مختلف

ناموں سے مشتہر کر کے ہزاروں روپے کما رہے ہیں۔ چونکہ یہ دوا نہایت ہی آسان اور سینکڑوں امراض کی تریاق ابتدا سے ثابت ہو چکی ہے جس کے باعث اس کا ہر ایک تجار فوراً مالا مال ہو جاتا ہے۔ درحقیقت اس کے اجزا قریباً ایک ہی ہیں۔ صرف نام اور رنگ ڈھنگ ہر ایک موجد نے حسب منشا رکھ کر کئی ناموں سے موسوم کیا ہے۔ چنانچہ خاکسار نے بھی ایک نسخہ معمولی اجزا کا اس کتاب کے حصّہ اول میں درج کیا تھا جس کو سینکڑوں نے بنا کر ہزاروں اشخاص پر تجربہ کیا۔ اور مجرب ہونے پر بے شمار تصدیقات دئے۔ اس کا مکمل نسخہ کلی اجزا سے درج کر کے موجب دعا خیر ٹھیرتا ہوں۔ اور اس نسخہ کے غیر مفید ثابت ہونے پر ایک سو روپیہ انعام دینے کا سچا وعدہ کرتا ہوں ✣

کر قبول افتد زہے عز و شرف

خاکسار کریم بخش سیاح امریکہ۔ ایشیا وغیرہ

نسخہ اکسیر حیات زندہ کرامات

ست پودینہ ۶ ماشہ۔ ست اجوائن ۶ ماشہ۔ ست الائچی ۶ ماشہ۔ مشک کافور ۶ ماشہ۔ ست سونف ۶ ماشہ۔ ست دارچینی ۴ ماشہ ست پیاز ۳ ماشہ۔ اگر نہ ملے تو آب پیاز ۹ ماشہ۔ ست ادرک ۳ ماشہ اگر نہ ملے تو آب ادرک ۹ ماشہ۔ کاربناک ایسڈ ۶ ماشہ ✣

ترکیب ساخت

سب کو ایک شیشی میں ڈال کر آدھ گھنٹہ دھوپ میں یا گرم جگہ رکھو۔ جب سب ملکر ایک جان ہو جاوے۔ بس تیار ہے ✣

ترکیب استعمال

نام امراض	طریقہ استعمال
دردسر بلغمی صفراوی ریحی شقیقی وغیرہ ہر قسم کے لئے۔	۲ بوند ماتھے پر دس دس منٹ بعد مالش کریں اور سونگھاویں اگر درد سخت ہو تو ۲ بوند گلقند بنفشہ ۳ تولہ میں ملاکر گرم دودھ کے ہمراہ کھاویں ✣
کھانسی بلغمی و دمہ بلغمی کے لئے۔	مکھاں کے سفوف تین ماشہ میں ۲ بوند ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ پلاویں ✣
ذات الجنب کے لئے	۴ بوند عرق سونف ۵ تولہ میں دو دو گھنٹہ بعد پلاویں۔ اور درد کی جگہ ۲ بوند کی مالش کرکے گرم روئی سے باندہیں۔
نزلہ زکام۔ ریزش نکسیر کے لئے۔	بار بار سونگھاویں۔ اور نتھنوں کے باہر ذرا سا لگاویں۔ اگر سخت نزلہ ہو۔ تو گلقند ۳ تولہ میں ۲ بوند کھلاویں ✣
بدہضمی۔ پیٹ درد۔ قے۔ متلی۔ ترش ڈکار۔ باد گولہ ہیضہ کیلئے۔	۲ سے ۴ بوند تک مصری ۳ ماشہ یا شکر تری پر ڈال کر بار بار پانی سے کھلاویں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی ✣
قبض عام۔ اور دائمی کے لئے۔	مربہ ہلیلہ ایک دانہ پر ۳ بوند ڈال کر ہمراہ دودھ گرم نیم سیر سے کھلاویں ✣
پیٹ پھولنا۔ آنتوں میں قرقر۔ پیٹ درد	۳ ماشہ سونٹھ نیم پاؤ پانی کے جوشاندہ میں ۲ بوند ملاکر پلاویں صرف ایک دو خوراک میں انشاء اللہ شافی شفا دیگا ✣
اسہال پیچش مروڑ مرگی کے لئے۔	۳ بوند نیم پاؤ آب انار دانہ ۳ تولہ میں دو تین خوراک۔ اور مرگی والے کو اسی طرح کچھ عرصہ تک کھلاویں ✣

نام امراض	طریقہ استعمال
دانتوں کے درد۔ خون ہلنا۔ پانی لگنا اور صفائی کے لئے۔	سفوف پھٹکڑی ۱ تولہ۔ عقرقرحا ۲ ماشہ میں تین بوند ملا کر ملیں۔ دانت مضبوط سفید اور درد رفع ہوگا۔
سخت واہڑ درد کے لئے۔	روئی کے پھاہے کو تر کر کے واہڑ میں۔ جہاں درد ہو رکھیں۔
کان کے درد۔ زخم کھجلی ورم کے لئے	ایک بوند گل روغن ۱۵ بوند میں ملا کر ایک ایک بوند کان میں ڈالیں۔
درد چشم۔ سرخی چشم کے لئے۔	عرق گلاب ۲ تولہ میں سفوف پھٹکڑی ۳ ماشہ۔ اور اکسیر حیات ۱ بوند ملا کر ایک بوند آنکھ میں ڈالیں۔
پھوڑ۔ پھنسی۔ ڈنگ کھٹمل۔ ڈنگ مکھی۔ ڈنگ بچھو۔ ڈنگ ڈھموں۔ کان پکنا جو بالیاں پہننے سے پکتے ہیں۔ سوج زبان۔ منہ کے چھالے۔ آگ سے جلنا۔ چیچک دانہ وغیرہ ان تمام عارضوں پر ذرا ذرا چپڑ دیا کریں۔ انشاء اللہ آرام ہوگا۔	
چنبل کے لئے	تیل سرسوں ۱ ماشہ ایش ۲ بوند ڈال کر بار بار لگایا کریں کچھ عرصہ میں آرام ہو جائیگا۔
سانپ۔ باؤلہ کتا کاٹے پر	کاٹی ہوئی جگہ کو استرے سے کچھ لگا کر بار بار چپڑ دیں۔
بخار۔ سرسام۔ بیہوشی کے لئے۔	ست گلو ۳ ماشہ میں ۲ بوند ملا کر عرق سونف ۲ تولہ عرق گلاب ۲ تولہ کے ہمراہ پلا دیں اور سر پر ۲ بوند کی مالش کریں۔

نام امراض	طریقہ استعمال
درد بدن کیلئے	تیل تل ۲ تولہ میں ۵ بوند ملا کر بدن پر مالش کریں ✣
درد چوٹ کے لئے	اس کی مالش کر کے روئی رکھ کر باندھیں ✣
بواسیر کے لئے	۲ بوند مکھن میں عرصہ تک کھلا دیں اور ایک بوند سر کہ دس بوند ملا کر موسکوں پر لگا دیں ✣
کمزوری دماغ کے لئے	ملائی میں ایک بوند کھا کر نیم سیر دودھ سوتے وقت پئیں ✣
دماغ معطر کیلئے	علی الصبح ایک بوند کی دماغ پر مالش کرنے سے دل خوش رہے ✣
طاعون کے لئے	۳ بوند شکر تری پر ڈالکر دو دو گھنٹے بعد دودھ اور گھی کیساتھ پلا دیں گلٹی کو پچھکر کے بار بار چپڑیں گرم ٹکور کریں۔ دودھ گھی زیادہ کھائیں ✣
تاپ تلی کے لئے	نوشادر ۶ ماشہ کے سفوف میں ایک بوند ملا کر ۳ ماشہ کی خوراک صبح ۳ ماشہ شام روٹی سے پہلے کھلا دیں ۲ ہفتہ میں انشاء اللہ آرام ہو جائیگا ✣
پتھری کے لئے	سفوف سنگ یہود ۳ ماشہ میں ایک بوند عرصہ تک انشاء اللہ آرام ہو جائیگا ✣
بے خوابی کے لئے	خشخاش ۵ ماشہ۔ مغز بادام ایک تولہ کے لعاب میں ۲ بوند ملا کر دو تین روز تک کھلا دیں ✣
خون حیض روکنے	کھٹے مسرہ ۵ تولہ کو دس تولہ پانی میں دو پہر بھگو کر اس

نام امراض	طریقہ استعمال
کیلئے	کے لعاب میں ۲ بوند ملا کر پلا دیں۔ دو تین خوراک میں آرام ہوگا +
ضعف قوت مردمی کے لئے	سفوف سنگھاڑہ ۷ ماشہ سفوف اڈنگن ۷ ماشہ میں ۲ بوند ملا کر ڈیڑھ پاؤ نیم گرم دودھ سے مصری ملا کر کھلا دیں مفید ہوگا +
علاوہ ان کے	اگر کوئی اچانک بیمار ہو جاوے اور پرچہ استعمال میں اس بیماری کا نام نہ ہو۔ تو کل اندرونی امراض کے لئے مصری یا شکر ترملی پر دو بوند ڈال کر بار بار کھلائیں اور بیرونی پر ۲ بوند کی مالش بار بار کریں۔ اول تو انشاء اللہ تعالیٰ بالکل آرام ہو جائیگا۔ نہیں تو خدا کے فضل سے بیماری ضرور رک جائے گی +
مقدار خوراک	یہ ترکیب استعمال جوان آدمیوں کے لیے لکھی گئی ہے بچے بوڑھے کا اندازہ اس کی طاقت کے لحاظ سے کم و بیش کر لیا کریں +
بعض وقت	اگر اس روغن کے سوا اور کچھ نہ مل سکے تو یہ صرف پانی سے ہی پلا دیا کریں +
شیشی کو	ہمیشہ مضبوط بند کر رکھیں۔ صرف ضرورت کے وقت ہی کھولا کریں۔ کیونکہ ہوا کے لگنے سے یہ اڑ جاتی ہے +

	طریقہ استعمال
نازک جگہ بدن پر	مثلاً آنکھ۔ موکہ بواسیر۔ ناک وغیرہ پر بہت احتیاط سے استعمال کرنا چاہیئے ٭
حکیم و ڈاکٹر	اپنی عقل سے جہاں چاہیں مناسب ترکیب سے استعمال کر سکتے ہیں ٭
اس کا اثر	عموماً بہت جلد ظاہر ہوتا ہے۔ اگر کسی مرض میں دیر سے ظاہر ہو۔ یا نہ ہو۔ تو حکیم سے رائے لے لینی چاہیئے ٭

معجون اکسیر جسم

جس طرح خدا تعالیٰ نے انسان کو آب۔ آتش۔ باد۔ خاک سے مرتب کیا ہے۔ اسی طرح اس کے وجود کی صحت کیلئے چار اعضاء رئیسہ قائم کر دیئے ہیں۔ کوئی بیماری انسان کے قریب تک نہیں آتی تاوقتیکہ ان چاروں میں سے ایک کمزور نہ ہو جاوے یعنی دل۔ دماغ۔ معدہ اور جگر یہی چار اعضاء رئیسہ ہیں۔ کل امراض ان ہی کی کمزوری اور خرابی کے باعث دیکھے سنے جاتے ہیں۔ مثلاً دماغی کمزوریاں چشمی امراض معدہ کی بیماریاں بدہضمی کی شکایتیں قوت کی خرابیاں وغیرہ لہذا یہ معجون نہ ان سب کو بلکہ کل بدن کو مفید ہے تمام بیماریاں کو زائل کر کے جسم کو طاقت ور بنا دینا اس کا کام ہے۔ یہ معجون نہ صرف بیماروں کو ہی اکسیر کبیر ہے۔ بلکہ صحت کی حالت میں بھی اکمل استعمال سے مرد کو مرد۔ اور مرد کو جوانمرد بنا دیتا ہے۔ صرف انہی فوائد کے لحاظ سے

اس کا نام معجون اکسیر جسم رکھا گیا ہے۔ یہ نسخہ میں نے بارہا دفعہ خود تجربہ کیا اور اب ناظرین کی بہتری کے لئے درج کر دیا ہے۔ جس کے غیر مفید ثابت ہونے پر مبلغ للعشرہ روپے انعام دینے کا سچا وعدہ کر کے کہتا ہوں۔ کہ جو صاحب بنا کر استعمال کریں گے۔ ضرور کامیاب ہو کر خاکسار کو انعام سے سرفراز فرما دیں گے ✤ کریم بخش

نسخہ جدوار ۵ ماشہ۔ کچلہ ۸ ماشہ۔ دارچینی ۲ ماشہ۔ فلفل سفید ۲ ماشہ کونین ۲ ماشہ۔ مغز چڑیا ۲۰ عدد۔ شہد خالص ۲۰۰ تولہ۔ شیر گاؤ سیر۔

ترکیب ساخت۔ اول کچلہ کو باریک ململ کی پوٹلی میں کھوکھلی طرز سے باندھ کر شیر گاؤ میں نرم آگ پر چار پہر پکا دیں جب دودھ مثل کھویا ہو جاوے تو پوٹلی کو نکال کر کچلہ کو چھیل کر مغز کچلہ کو تیز چاقو سے کتر کر ہاون دستہ سے کوٹ کر باریک کریں۔ پھر شہد اور مغز چڑیا کے علاوہ سب کو اس میں ڈال کر ہاون دستہ سے کوٹ کر اور چھلنی سے چھان کر سفوف بنا دیں پھر سفوف میں مغز چڑیا ملا دیں۔ پھر شہد ملا کر کسی روغنی برتن میں ڈال رکھیں بس تیار ہے ✤

ترکیب استعمال۔ ضعف دل۔ دماغ و باہ و معدہ وغیرہ کے لئے چار رتی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ ایک ہفتہ کھا دیں۔ چند یوم کے بعد ہم کی طاقت ملاحظہ فرمائیں۔ استعمال کے بعد خاکسار کو بھی ضرور اطلاع کریں۔ اگر بعض وقت خود نہ بنا سکیں تو ہم سے فی ڈبیہ للعشرہ روپیہ قیمت پیشگی بھیجکر اور بنوا کر منگوا لیں پیشگی قیمت وصول ہونیکے بعد روانہ ہو گی ✤

برص یعنی جسم کے سفید داغ

یہ مرض ہاضمہ کی خرابی۔ شراب خوری۔ جسمانی غلاظت مواد آتشک یا مرض نقرس وغیرہ کے باعث ہو جاتی ہے۔ اور کبھی اس کا کوئی سبب معلوم ہی نہیں ہوتا۔ یہ مرض ۱۵ سے ۳۰ برس کی عمر میں عموماً ہوتا ہے۔ اس مرض کی علامتیں یہ ہیں۔ کہ پہلے پہل بدن کے کسی حصہ میں چھوٹے چھوٹے گلابی رنگ کے اُبھار پیدا ہوتے ہیں۔ جن کی سطح پر باریک باریک چھلکے تہ بہ تہ ہوتے ہیں۔ جو بآسانی کھرچے جاتے ہیں کبھی چھلکوں کے نیچے چھوٹی چھوٹی پھنسیاں ہو جاتی ہیں۔ کبھی داغ بڑے ہو کر تمام بدن بدنما کر دیتے ہیں۔ لہذا اس مرض کا ایک مجرب نسخہ درج کرتا ہوں۔ جس سے انشاء اللہ ایک ہفتہ میں آرام ہوگا ✦

نسخہ۔ زعفران سم الفار لوٹا سجی رس برگ پان تازہ سبز
۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۲ تولہ

ترکیب ساخت۔ اول رس پان کے علاوہ سب کو جُدا جُدا پیس لیں۔ پھر تھوڑا تھوڑا رس ڈال کر کھرل کریں حب مثل مرہم ہو جاوے۔ پھر برتن چینی یا شیشہ میں ڈال رکھیں ✦

ترکیب استعمال

اول داغ برص کو گوبر خشک کے ٹکڑہ یعنی پاچک دشتی سے خوب زور کا کھجلا دیں۔ جب چمڑہ سُرخ ہو جاوے۔ بلکہ درد ہونا شروع ہو جاوے پھر تھوڑی سی مرہم مذکور رس برگ پان میں پتنی کر کے گاڑھا سا لیپ کریں۔

اول ایک ہفتہ میں ورنہ بیس یوم میں انشاء اللہ کلی صحت ہوگی۔ پرہیز داغ کو پانی نہ لگنا پاوے اور خوراک ہر روز ۳ ماشہ بابچی پیس کر ۵ تولہ پانی میں رات بھر بھگو دیں۔ صبح پانی نتار کر پی لیا کریں ✤

نوٹ اگر کھجلانے اور دوا کے لگانے سے زخم ہو جاوے۔ تو برگ نیم کے نگدہ کو تیل تل میں جلا دیں۔ جب نگدہ جل جاوے پھر تیل کو کو زخم پر لگا دیں۔ انشاء اللہ صحت ہوگی بعد شفایابی مجھ کو بھی اطلاع دیں۔ اگر ہم سے مرہم تیل اور پینے کی دوا طلب کریں۔ تو ہر سہ کے لئے تین روپے آٹھ آنے (۳/۸) پیشگی روانہ کریں ✤

برص کا دیگر علاج

یہ نسخہ پہلے نسخے سے بھی آسان اور صرف ایک روز ہی کرنا پڑتا ہے یہ نسخہ بھی میرے استاد صاحب مرحوم کے بیاض کا ہے۔ امید کہ قوی اثر ہونے کے باعث ضرور فائدہ دے گا۔ آپ ضرور ایک دفعہ بنا کر آزما دیں پھر مجھ کو اطلاع دیں ✤

نسخہ - کافور ایک تولہ - گندھک زرد ۱ تولہ - مٹی کا تیل حسب ضرورت ✤

ترکیب ساخت - کافور اور گندھک کو مٹی کے تیل سے خوب کھرل کریں۔ جب مثل مرہم ہو جاوے پھر داغ کو خوب کھجلا کر لگا دیں انشاء اللہ ایک روز میں ہی شافی شفا دیگا۔ مگر چھ روز تک پانی نہ لگنا پاوے آزمودہ ہے ✤

کان سے ریم بہنا

یہ مرض کان کے اندر پھنسی وغیرہ زخم ہونے سے ہوتا ہے۔ جس سے ابتدا میں سخت درد۔ بعد میں ریم یعنے پاک وغیرہ بہنے لگتی ہے۔ شروع بیماری میں انسان درد سے ایسا لاچار ہوتا ہے۔ کہ رات بھر نیند نہیں آتی۔ اور نیند ہی ایک ایسی نعمت غیر مترقبہ ہے کہ جس کا جس قدر شکریہ کیا جاوے کم ہے۔ نیند کی قدر وہ خوب جانتے ہیں۔ جو رات تڑپ تڑپ کر گذارتے ہیں۔ اور کہتے ہیں۔ کہ ہائے اللہ ہم کیسے بدقسمت ہیں کہ میٹھی نیند سے محروم ہیں۔ غرضیکہ نیند کی قدر تب آتی ہے۔ جب کسی وجہ سے ایک رات نہ سویا جاوے۔ لہذا میں ایک مجرب نسخہ جو بارہا خود تجربہ کر چکا ہوں رفاہ عام کے لئے درج کرتا ہوں۔ انشاء اللہ اس نسخہ سے درد کان و ریم وغیرہ کو فوراً آرام ہو جائیگا +

نسخہ

مردہ سنگ ۲ ماشہ۔ لہسن یعنے تھوم ۶ ماشہ۔ تیل سرسوں ۲ تولہ

ترکیب ساخت۔ مردہ سنگ پیسکر اور لہسن کو تراش کر تیل کے کسی آہنی کڑھی میں ڈال کر آگ پر پکاویں۔ جب اس کی تریاں جل کر کوئلہ ہو جاویں تو تیل کو چھان کر بوتل میں رکھ لیں۔ اگر خود نہ بنا سکیں تو ۱۲ بارہ آنہ پیشگی بھیج کر منگالیں +

ترکیب استعمال

ضرورت کے وقت ایک دو قطرہ نیم گرم کان میں ٹپکا دیا کریں۔

بفضلہ تعالیٰ بہت جلد شفا ہو گی۔ ریم اور درد کی شکایت نہ رہے گی اس کے نتیجہ سے ضرور مجھ کو بھی اطلاع کریں۔ اگر نسخہ غیر مفید یا مضر ہو تو عام روپیہ بطور انعام دیا جاوے گا +

نسخہ بے دام نزلہ و زکام

اے ناظرین یہ نسخہ عام دردسر۔ درد شقیقہ و نزلہ و زکام کا مجرب علاج ہے۔ جو کسی مسافر نے مجھے کسی جگہ پر اتفاقیہ بتلایا تھا۔ جس کا نام تک بھی مجھے یاد نہیں رہا۔ مگر نسخہ کم خرچ بالانشین ہونے کے باعث آج تک سینکڑوں دفعہ بنا کر لاکھوں جگہ استعمال کیا۔ ایک جگہ بھی خطا نہیں ہوا۔ جو صاحب اب بھی غیر مفید ثابت کر دے۔ اس کو چار روپیہ انعام۔ میں اپنی گرہ سے دوں گا۔ کریم بخش سیاح امریکہ وغیرہ

نسخہ

ترکیب خت ساز چاول ۲ تولہ۔ چینی پیالہ ایک عدد۔ دودھ مدار یعنی اک حسب ضرورت چاولوں کو پیالہ میں رکھکر دودھ مدار اس قدر ڈالیں کہ وہ بخوبی تر ہو جاویں۔ پھر سایہ میں خشک کریں۔ جب خشک ہو جاویں۔ پھر دوبارہ اسی طرح تر کر کے خشک کریں۔ یہ عمل چار دفعہ کر کے بخوبی خشک ہونے پر کھرل میں نجار کر کے شیشی میں بند رکھیں +

ترکیب استعمال

یہ نسوار سر درد عام اور درد شقیقہ۔ اور نزلہ اور زکام اور سر بھاری ہونے پر صرف ایک دورتی کافی ہے +

نوٹ:- جو صاحب نسوار تمباکو کے پتوں کی چند وجوہات سے لیتے ہیں۔ اور بعوض نفع نقصان اُٹھاتے ہیں۔ یہ ان کو بھی از حد مفید ہے بعد تجربہ کے دعائے خیر کے علاوہ خاکسار کو بھی اطلاع کریں +

آنکھ کے پھولے کا شرطیہ علاج

عام لوگوں کا خیال ہے کہ پُرانے پھولے کا علاج نہیں مگر یہ غلط ہے۔ کیونکہ جو لوگ یہ کہتے ہیں۔ وہ پھولہ کا مجرب نسخہ ہی نہیں جانتے چنانچہ میں نے ایک سنیاسی سے نہایت مجرب نسخہ مدت سے سیکھا ہوا ہے۔ جس کو کئی دفعہ بنایا۔ اور مجرب پایا۔ گویا سابقہ ہر دو حصہ دولت کمانے کی کل میں یہ نسخہ نہایت اعلیٰ اور مجرب ہونے کے باعث درج نہیں کیا تھا۔ مگر اب کئی احباب کے بار بار اصرار پر درج کر کے امید کرتا ہوں۔ انشاء اللہ ہر قسم کے پھولا کو فائدہ دے گا۔ اور جو صاحب اس سے فائدہ اٹھائیں گے دعائے خیر سے یاد کریں گے۔ اگر یہ نسخہ غیر مفید ثابت ہوگا۔ تو مبلغ عطیہ روپیہ انعام بندہ سے ملیگا +

ترکیب ساخت نسخہ سبز رنگ کا شیشہ یعنی کچ ۳ ماشہ۔ پارہ ۳ ماشہ۔ صادق چینی پیالے کا ٹکڑا ۶ ماشہ۔ لوٹا سجی ۳ ماشہ۔ گدھے کا دانت ۶ ماشہ۔ ادل بدل کو ۳ تولہ پانی میں پیسکر ملا دیں۔ اور شیشہ سبز کے ٹکڑے کو آگ میں خوب گرم کر کے سجی آمیز پانی میں دو چار دفعہ بار بار بجھاوے دیکر تیار کریں۔ پھر باقیماندہ ہر سہ اشیاء ملا کر ہمراہ پانی صفایا عرق گلاب کے خوب کھرل کر کے مثل غبار کر رکھیں۔ اگر خود تیار نہ کر سکیں تو ہمارے دواخانہ سے فی شیشی ۸ عہ

پیشگی قیمت بھیجکر منگوالیں +

ترکیب استعمال

رات کو سوتے وقت نیم چاول پھولے پر ہاتھ سے ڈال کر سو جاویں۔ انشاء اللہ چند یوم میں کلی صحت ہو جائے گی +

نوٹ:۔ چونکہ یہ دوا بہت تیز اور خشک ہے اس لئے خوراک مقوی روغن دودھ وغیرہ ضرور کھا دیں۔ اور تیز ترش گرم خشک اشیاء سے پرہیز کریں۔ صرف اسی نسخے کو نہیں۔ بلکہ ہر ایک نسخہ کو بنا کر فائدہ اٹھانے کے بعد خاکسار کو ضرور اطلاع دیں +

اکسیر موتیا بند

آنکھوں کی سب مرضوں میں سے یہ مرض نہایت ہی مہلک ہے۔ اس کا مریض کہا کرتا ہے۔ کہ بینائی رفتہ رفتہ کم ہو گئی ہے۔ پہلے ہر ایک چیز حجم میں دگنی دکھاتی رہی۔ آنکھوں کے سامنے جالا سا معلوم ہوتا رہا۔ چراغ اور چاند بہت بڑا دکھائی دیتا رہا۔ نیا چاند ایک کی جگہ دو دو چار چار دکھائی دیتے رہے وغیرہ وغیرہ دراصل یہ ایک قسم کا پانی دماغ سے اتر کر آنکھ کی تلی کے پیچھے سفید خاکستری مائل یا نیلگوں سفیدی مائل یا عنبریں رنگ کا دھندلا ہوا آنکھ کے موتی پر جم جاتا ہے۔ اور ابتدا میں بیمار اس کو گرمی کا باعث سمجھ کر دہند کا مرض خیال کرتا ہے۔ لیکن جب پانی بخوبی جمع ہو کر جم جاتا ہے تو انسان بالکل اندھا ہو جاتا ہے۔ اس مرض کے تین درجے اور بارہ قسمیں ہیں۔ اول درجے میں تو انسان کو خبر بھی نہیں ہوتی۔ دوسرا درجہ یعنی پانی

خام۔ اس میں اگر باقاعدہ مجرب علاج ہو جاوے تو صحت کی امید ہے۔
درجہ سوم میں جب پانی جم جاتا ہے تو عام ڈاکٹر حکیم اس کو لاعلاج کہتے ہیں۔
پھر مریض مایوس ہو کر تمامی عمر کے لئے اندھا ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اس مرض کا
بھی ایک نہایت مجرب اور آسان نسخہ ایک سنیاسی مسمی اللہ دتا سے جو
اثنائے سفر امریکہ میں مجھ کو ملا تھا۔ نہ صرف سیکھا ہوا۔ بلکہ ایک دو دفعہ میں
نے تجربہ سے بھی مجرب پایا۔ ہمدردی بنی نوع انسان کو مدنظر رکھکر
یہاں درج کرتا ہوں۔ انشاء اللہ جو صاحب بنا کر استعمال کرینگے امید ہے
کہ ایک دفعہ ضرور دوبارہ اس دنیا ناپائدار کا دیدار فرحت آثار کرلیں گے
اس نسخہ کے غیر مفید ہونے پر ایک سو روپیہ انعام دیا جائیگا +

نسخہ سرکہ ۲۰ تولہ۔ نیلہ تھوتھا ۱ تولہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ پارا ایک
تولہ۔ چونہ قلعی ۳ ماشہ۔ سیاہ پنکھ والا سانپ مردہ (ایک بالشت منہ
کی طرف سے)

ترکیب ساخت

سانپ کے علاوہ سب کو کھرل کر کے تمام دوائی کی ایک گولی پانی سے
بنا کر سانپ کے منہ میں رکھ دو۔ پھر اس کو کوزہ میں بند کر کے بارہ سیر اپلے
کی آگ لگا دو۔ جب آگ سرد ہو جاوے احتیاط سے نکال کر راکھ وغیرہ سب
دوائی کو کھرل کر کے شیشی میں بند کر رکھو۔ اگر خود نہ بنا سکو تو ہم سے خط
وکتابت کرو۔ کریم بخش۔

ترکیب استعمال۔ مونیا بند کے پانی پر (جو کہ درجہ سوم یعنی سنگ
نہ ہو چکا ہو) دو سلائی سوتے وقت لگایا کریں۔ اول دو یوم میں زیادہ سے
زیادہ ایک ہفتہ میں۔ انشاء اللہ فائدہ ہونا شروع ہوگا۔ اور کچھ عرصہ میں

صحت ہوجائیگی۔ اس سے فائدہ اُٹھانے کے بعد خاکسار کو بھی ضرور اطلاع فرماویں +

لکنت زبان

یہ ایک ایسی مرض ہے۔ جس سے انسان بات کرنے کے وقت اڑ جاتا ہے اور بے بس ہو کر ایک کلمہ کو بار بار کہتا ہے۔ جس کا نمونہ ایک شعر میں (جو کہ ایک لکنتی یعنی تھتھلے شاعر کا ہے) تشخیصی طور پر درج کرتا ہوں ؎

پپا پردۂ صنم نے جا جب سے رُخ اُٹھایا۔
چچا چادرِ شفق نے رَا رَا رُخ سے منہ چھپایا

لہذا یہ تشخیصی شعر پڑھ کر سمجھ لیں۔ کہ جس شخص کی زبان اس طرح لکنت پر ہو اس کو ذیل کا نسخہ استعمال کرا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہوگا +

نسخہ ۔ جوکھار ۳ ماشہ۔ نمک دیسی یعنی طعام ۲ ماشہ۔ بورہ ارمنی ۲ ماشہ۔ پھٹکڑی ۲ ماشہ۔ شہد خالص ایک تولہ +

ترکیب ساخت و استعمال

سب کو باریک پیس کر شہد میں ملا کر نگاہ رکھیں۔ وقت ضرورت زبان کے نیچے ملیں۔ اور منہ ڈھیلا چھوڑ کر لعاب گراتے جاویں۔ کم سے کم ۱۵ روز تک زیادہ سے زیادہ چالیس روز تک استعمال کریں۔ انشاء اللہ آرام ہوگا۔ اس کے نتیجہ سے خاکسار کو بھی ضرور اطلاع دیں۔ اگر خود نہ بنا سکیں تو ہم سے پیشگی بارہ آنے بھیجکر منگوالیں۔

کریم بخش۔

علاج مسہ یعنی موکہ

عام لوگوں کے بدن اور چہرہ پر بعض موقعہ بے خبر اور بعض دفعہ بیماری کے باعث مسے یعنی موکے نکل آتے ہیں۔ جس سے چہرہ یا بدن بدنما ہو جاتا ہے۔ اور بعض دفعہ بواسیر کبیر باعث صفرہ میں موکہ ہو جاتے ہیں جو مریض کو ایسا تنگ کرتے ہیں۔ کہ دیکھنے والے کو اس حالت پر بڑا رحم آتا ہے۔ لہذا۔ اس رحم ہمدردی بھلائی کے سلہ میں ایک مجرب نسخہ جو ایک سنیاسی سے سیکھ کر بارہا تجربہ کر چکا ہوں۔ درج کر دیا ہے۔ تاکہ جو کوئی اس مرض سے لاچار ہو فیضیاب ہو کر دعائے خیر سے یاد فرماوے۔ نسخہ ہذا کے غیر مفید ثابت ہونے پر عہ، انعام +

نسخہ - کچلہ حسب ضرورت +

ترکیب ساخت واستعمال

کچلہ کو کسی پتھر پر قدرے پانی ڈال کر گھسکر دن بھر میں تین چار دفعہ مسہ پر لگا دیں۔ ایک ہفتہ تک ایسا عمل کرنے سے مسہ خشک ہو کر گر جاویں گے۔ اور بدن صاف ہو جائے گا۔ آزمودہ ہے۔ اس سے فائدہ اٹھا کر خاکسار کو ضرور اطلاع کریں +

نوٹ:۔ بواسیر کے موکہ کو کچلہ آگ پر جلا کر دھونی دیں۔ کیونکہ دبر کی جگہ نازک ہے +

استسقا یعنی پڑپانی کا علاج

یہ بڑی مہلک مرض ہے جس قدر اس مرض سے انسان لاچار ہوتا ہے شائد کوئی اور مرض نہ ہو۔ کیونکہ جو پانی پیا جاتا ہے وہ تمام پیٹ میں بند ہو کر جمع ہو جاتا ہے۔ اور پیشاب نہیں آتا۔ جس سے چند دنوں میں مریض اس قدر لاچار ہوتا ہے۔ کہ اگر فوراً مجرب علاج نہ ہو سکے۔ تو زندہ درگور ہو کر آخر جاں بحق تسلیم ہو جاتا ہے۔ لہذا اس مرض کا بھی ایک فقیرانہ ٹوٹکہ (ایک فقیر صاحب سے باخدا حق خدمت سیکھ کر اور بارہا دفعہ تجربہ کر کے) درج کرتا ہوں۔ امید ہے کہ اس مہلک بیماری سے نہ در شافی شفا دے گا۔ اور انشاء اللہ مریض چند دنوں میں کامیاب ہو کر دعائے خیر کا موجب ٹھیریگا کیونکہ یہ نسخہ ہر ایک امیر و غریب مفت میں بنا کر بآسانی استعمال کر کے فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔ نسخہ ہذا اگر مضر ہو تو تین روپے خاکسار دے گا۔

نسخہ ۔ مدار یعنی اک کی نرم پتیاں تازہ۔ سفید بورہ والی ہوں۔ ایک پاؤ۔ ہلدی خام کی گانٹھ ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت ۔ اول ہلدی کو باریک مثل سرمہ پیسیں پھر مدار کی نرم نرم پتیاں تازہ ڈال کر خوب کھرل آخر دم تک کریں جب مثل موم ہو جاوے۔ تو وزن ایک رتی کی گولیاں باندھ کر سایہ میں خشک کر رکھیں۔

ترکیب استعمال

پہلے روز ۱۲ گولی تازہ پانی ایک گھونٹ سے نگل جاویں۔ پھر ہر روز

ایک گولی زیادہ کرتے جاویں۔ جب گیارہ گولی کی نوبت پہنچے۔ پھر ہر روز گیارہ گولی ایک گھونٹ پانی تازہ سے دو ہفتہ تک کھلاتے رہیں۔ انشاء اللہ اس اثنا میں مرض کا نام و نشان تک نہ رہیگا۔ اس نسخہ کے علاوہ ہر ایک نسخہ کے فائدہ کے بعد خاکسار کو ضرور اطلاع کریں۔ اگر کوئی دریافت طلب امور ہو تو ٹکٹ یا جوابی کارڈ بھیجکر دوبارہ صحت کرلیں۔ اور جب کبھی آپ کسی کے علاج پر کمربستہ ہو دیں۔ تو خدا کریم کو شافی مطلق سمجھ کر محض للہ علاج کریں۔ کیونکہ اسی کا نام ہمدردی بھلائی اور رحم دلی ہے +

درد کمر و فالج کا شرطیہ علاج

گو ہزارہا نسخہ جات معجون و روغن وغیرہ سینکڑوں کتابوں اور انسانوں سے آپنے دیکھے سنے ہونگے۔ مگر یہ ایک انوکھا کم خرچ بالانشین فقیرانہ ٹوٹکا شاید ہی آجتک دیکھا سنا ہو۔ کیونکہ اس نسخہ سے خواہ کیسا ہی درد کمر اور کتنی مدت کا کیوں نہ ہو۔ صرف چند دنوں میں جاتا رہتا ہے۔ جناب من یہ فقراء کی چٹکیاں بغیر دربدر خاک بسر ہونیکے ملنی نہایت مشکل ہیں۔ انکی قدر مجھ خاکسار سے (جو کہ مدتوں دربدر فقیروں بے نواؤں کے جوتوں میں مارا مارا پھرتا رہا دریافت کریں۔ یہ کروڑوں کے موتی کوڑیوں کی لاگت پر کون دیتا ہے؟ مگر یہ خاکسار کیوں؟ صرف توشہ عاقبت کے لئے مفت تقسیم کرکے باواز بلند کہتا ہوں ؎

کالوں جم جم کھائیو چُن چُن میرا ماس
پر دونیں نہ چھیڑیو پیا ملن کی آس

لہذا یہ نسخہ ہے۔ جو نہایت فراخ دلی سے درج کرکے سبکدوش ہوتا ہوں

اور غیر مفید یا مضر ہونے پر ۵ روپے انعام دینے کا وعدہ کرتا ہوں۔ اگر آپ تیار نہ کر سکیں یا فرصت نہ ہو تو مجھ سے چالیس گولی کی قیمت پیشگی عہ بھیجکر منگالیں ✦ کریم بخش سیاح۔

نسخہ۔ مغز تخم ارنڈ ۵ تولہ۔ بادام روغن ۱ تولہ۔ کشتہ فولاد ۵ تولہ گودہ کوار گندل یعنی گھیلوار ۱۵ تولہ۔

ترکیب ساخت روغن بادام میں مغز ارنڈ ڈال کر پیس لیں۔ پھر کشتہ فولاد (جس کا طریقہ کتاب ہذا کے حصہ اول میں درج ہے۔ بنا کر اس میں ملا دیں۔ اور کوار گندل کا گودہ ڈال کر دو روز تک کھرل کریں۔ جب پانی خشک ہو کر مرکب گولی بننے کے لائق ہو جاوے تو نخود برابر گولی باندھ رکھیں ان سے فالج بھی دور ہو جاتا ہے ✦

ترکیب استعمال

ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام گائے کے دودھ ایک ایک پاؤ کے ہمراہ کھلا دیں۔ انشاء اللہ چند یوم میں آرام ہوگا پرہیز لسی اچار۔ چاول وغیرہ بلغمی اشیا سے ضرور کریں۔ غذا رقیق گرم تر کھلا دیں بعد تجربہ خاکسار کو بھی ضرور اطلاع کریں ✦

ریگ مثانہ یعنی پتھری

پیشاب میں جو ریگ آتی ہے۔ وہ دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک سرخ رنگ کی دوسری زرد سرخ اُنکو آتی ہے۔ جو گوشت زیادہ کھاتے ہیں اور ورزش نہیں کرتے۔ زرد یا سفید ان کو آتی ہے جو اچھی غذا نہیں کھاتے

چنانچہ ایسے مریض کا گھوڑے یا گدھے کی رنگت کا پیشاب ہوتا ہے۔ مگر بھاری سبب اس کا فتور ہاضمہ ہوتا ہے مثلاً سست رہنا۔ خوب کھانا۔ میٹھی شرابیں پینا۔ انڈے۔ گوشت مٹھائی حلوا وغیرہ کثرت سے کھانا کبھی خرابی جگر اور مرض نقرس بھی ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس کا ایک فقیرانہ مجرب نسخہ درج کرتا ہوں۔ جو صاحب وقت پر تجربہ کریں گے۔ ضرور داد دے کر دعائے خیر سے یاد فرماویں گے۔

نسخہ سنگ یہود ۷ ماشہ۔ ہڑتال ورقی ۷ ماشہ۔ پھٹکڑی سفید ۷ ماشہ سب کو جدا جدا پیس کر وزن کرو۔ پھر آپس میں ملا کر ایک سکورہ یعنی ڈولہ میں ڈالکر کوئلہ کی تیز آگ پر پکاؤ جب خوب پک کر کل دھواں نکل چکے۔ تب باریک پیس کر شیشی میں بند رکھو۔ غیر مفید ثابت ہو تو صرف روپے الغام۔ اگر آپ نہ بنا سکو۔ یا فرصت نہ ہو تو ہم سے فی شیشی عہ قیمت پیشگی بھیجکر منگالو۔

ترکیب استعمال ایک رتی پان کے بیڑہ میں رکھکر کھاؤ چند یوم میں آرام ہوگا۔ مجرب المجرب نسخہ ہے۔ مگر ہر ایک بدپرہیزی اور ترش اشیا سے پرہیز رکھو۔ اس کو بنا کر فائدہ اٹھانے کے بعد خاکسار کو ضرور اطلاع کرو۔

فسادِ خون کا علاج

کئی دفعہ دیکھنے میں آیا ہے۔ کہ فساد خون سے بعض اشخاص بہت لاچار ہو جاتے ہیں۔ یعنی تمام بدن پر پھوڑے پھنسی خارش وغیرہ کا لگاتار سلسلہ قایم ہوتا ہے۔ کبھی ایک زخم اچھا ہوا اور تین چار اور ہو گئے وہ اچھے ہوئے۔

پتہ۔ حکیم شیخ کریم بخش صیاد۔ سیاح ایشیا یورپ امریکہ وغیرہ گجرات پنجاب

کبھی دو چار اچھے ہوئے۔ تو پھر دس اور ہو گئے۔ جس سے انسان از حد تنگ ہو جاتا ہے۔ اس لئے مجرب نسخہ پرانے قلمی بیاض سے نقل کر کے ہدیہ ناظرین کرتا ہوں۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف ٭

نسخہ ہلیلہ ۶ ماشہ۔ بلیلہ ۶ ماشہ۔ آملہ ۶ ماشہ گورکھ منڈی ۶ ماشہ چرائتہ ۶ ماشہ۔ برگ نیم ۶ ماشہ۔ عناب ۶ ماشہ۔ برہم ڈنڈی ۶ ماشہ۔ عرق مکو ۳ پاؤ۔ رسوت ۳ ماشہ۔ گیری ۲ ماشہ

ترکیب ساخت

رسوت اور گیری کے علاوہ سب کو جو کوب کر کے عرق مکو میں رات بھر بھگو دیں۔ صبح منہ بند کر کے نرم آگ پر پکا دیں۔ ۔ ۔ جب پندرہ بیس منٹ تک پک چکے اُتار دیں۔ جب ٹھنڈا ہو جاوے سرپوش اتار کر ہاتھ سے ملکر کپڑ چھان کریں۔ پھر رسوت اور گیری باریک مثل سُرمہ کر کے ملا کر بوتل میں ڈال رکھیں ٭

ترکیب استعمال

یہ مرکب ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام قدرے شہد ملا کر پی لیویں اکیس یا چالیس روز میں کلی صحت ہو گی۔ نسخہ مفید نہ ہو تو عاجز دو پئے انعام ٭

نوٹ

یہ دوا خشک زیادہ ہے۔ اس لئے جہاں تک ہو سکے روغن زرد زیادہ کھاویں۔ اور روٹی چنوں کی ضرور استعمال کریں تا کہ جلد صحت ہو۔ اس کے نتیجہ سے مجھکو بھی ضرور اطلاع دیں ٭

جھولہ وادھرنگ

ان ہر دو مرضوں سے جسم کا خاص کوئی حصہ یا تمام جسم کی حس یا حرکت یا دونوں زائل ہو جاتے ہیں۔ فالج یا ادھرنگ میں سر سے پاؤں تک نصف جسم طولانی میں بے حس و حرکت ہو جاتا ہے۔ اور رعشہ یعنی جھولا ہاتھ پاؤں یا سر سے شروع ہو کر بتدریج تمام جسم میں پھیل جاتا ہے۔ عضلات سکڑ جاتے ہیں۔ یا سخت ہو جاتے ہیں۔ ان مرضوں کا سبب کوئی خاص معلوم نہیں ہوا کرتا۔ اور اکثر چالیس سالہ عمر کے انسان کو بہ نسبت عورتوں کے مردوں کو زیادہ ہوا کرتا ہے۔ یہ مرضیں موروثی بھی ہوا کرتی ہیں۔ اور غم والم۔ دلی صدمات۔ کثرت شراب نوری۔ سردی اور بلغم کے باعث بھی ہو جایا کرتی ہیں۔ مگر یہ ہر دو امراض عموماً ایک ہی قسم اور ایک ہی علاج پذیر ہیں۔ اس لئے مجرب شرطیہ علاج مکمل درج ذیل ہے۔ عمل میں لاکر دعا خیر سے یاد فرمادیں ٭

نسخہ پوست کاڈوڈہ ۲ تولہ۔ میٹھا تیلیا مدبر ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ سنڈھ ۵ ماشہ۔ جائفل ۵ ماشہ۔ جلوتری ۵ ماشہ۔ عقرقرحا ۵ ماشہ ٭

ضروری نوٹ

پہلے میٹھا تیلیا کو اس طرح مدبر کریں۔ دودھ گاؤ ایک سیر دیگچے میں ڈال کر پکاویں اور میٹھا تیلیا کے نخود برابر ٹکڑے کر کے پوٹلی میں باندھ کر لمبے ڈورے کے ذریعہ دودھ میں ایسی طرح لٹکاویں کہ پوٹلی دودھ میں ڈوب کر دیگچی کے تہ کو نہ ٹکرائے بلکہ تہ سے پوٹلی دو انچہ اونچی دودھ

میں ڈوبی رہے۔ اور دودھ خوب جوش کھاتا رہے جب دودھ خشک ہو جاوے پوٹلی نکالکر دودھ پھینک دیں۔ اور مٹھا تیلیا کام میں لاویں ٭

ترکیب ساخت پوست کوہ تولہ پانی میں جوکوب کرکے آٹھ پہر تر کریں بعدہٗ ہاتھ سے خوب مل کر زلال حاصل کریں۔ پھر باقی سب ادویہ کو باریک پیسکر پوست کے پانی میں کھرل کریں۔ جب خشک ہوکر گولی باندھنے کے لائق ہو جاوے۔ بقدر دانہ مسور یا موٹھ کے گولی باندھ کر رکھیں۔ اور ہر روز ایک گولی تازہ پانی سے کھلاویں۔ اگر آپ کو بنانے کی فرصت نہ ہو تو ہم کو دو روپے پیشگی بھیجکر منگالیں۔ اگر نسخہ غیر مفید یا مضر ہو تو شعہ انعام ہم دیں گے۔ اور ذیل کا روغن بنا کر مالش بھی کریں۔ انشاء اللہ صحت ہو گی ٭

سستی اعضائے ادھرنگ لقوہ۔ وغیرہ کے لئے نہایت اعلےٰ روغن

یہ روغن نہ صرف ادھرنگ جھولہ۔ لقوہ وغیرہ کو مفید۔ بلکہ درد معدہ کمر۔ جگر۔ جوڑوں کے لئے بھی نہایت اعلےٰ مجرب ہے۔ اس روغن کی مالش سے سردی اور ہوا کا اثر زایل اور بلغم گرم ہو کر تحلیل ہو جاتی ہے یہ روغن اپنا اثر صرف ایک روز میں ہی ظاہر کر دیتا ہے اور چند یوم میں صحت ہو جاتی ہے۔ غیر مفید ہونے پر ۵ روپے انعام دینے کا سچا وعدہ بھی صرف اسی لیے کر دیا ہے ٭

نسخہ۔ تیل سرسوں ۱۰ تولہ۔ کٹھ تلخ ۳ تولہ۔ عقرقرحا ۱ تولہ۔ تج ۱ تولہ۔

مرچ سیاہ ایک تولہ۔ فرفیون ۱ تولہ۔ پانی ۱۰ پاؤ +

ترکیب ساخت تیل اور فرفیون کے علاوہ سب کو جوکوب کر کے آٹھ پہر پانی میں بھگو دیں بعدہٗ نرم آگ پر پکا دیں جب پانی دو حصہ جل جاوے اتار کر اور مل کر چھان کر تیل ملا کر دوبارہ پکا دیں جب سب پانی جلکر صرف تیل رہ جاوے۔ اتار کر کپڑ چھان کر کے اور فرفیون جو کہ پہلے ہی پیسکر کپڑ چھان کر رکھی ہو) ملا کر تو تیل میں ڈال رکھیں۔ اگر خود بنانے کی فرصت نہ ہو۔ تو ہم سے فی شیشی عہ پیشگی قیمت بھیجکر منگالیں +

ترکیب استعمال

ہوا کا بچاؤ کر کے درد کی جگہ پر مالش کریں۔ اور نمدہ کا ٹکڑا یا روئی کہنہ گرم کر کے باندھیں۔ جب کھولنا ہو۔ تو ہوا کا بچاؤ کر کے کھولیں پھر ہاتھ سے ذرا مل دیا کریں۔ ان ہر دو نسخہ کے تجربہ کے بعد نتیجہ سے خاکسار کو بھی ضرور اطلاع کریں +

نوٹ یہ ہر دو نسخہ گرم اور خشک ہیں۔ اس لئے مناسب ہے کہ غذا عمدہ روغنی کھاویں۔ ادھ سنگ لقوہ۔ رعشہ والے کو اگر مل سکے۔ کبوتر۔ بٹیر۔ مرغی وغیرہ کا شوربا۔ انڈوں کا حلوہ وغیرہ کھلانا از حد مفید ہے +

مرض لقوہ کا مجرب اور سہل علاج

لقوہ بھی ایک بدنما اور تکلیف دہ مرض ہے۔ جو آناً فاناً بے خبر آدباتی ہے اس مرض کا علاج اگر اول تین چار یوم میں نہایت ایک ہفتہ کے اندر مجرب ہو جاوے تو بہتر ورنہ چہرہ جس رُخ پر مڑ کر رہ جاتا ہے۔ وہاں سے سیدھا

ہرگز نہیں ہوتا۔ چنانچہ یہ مرض بھی عموماً سردی اور بلغم سے ہی ہوتی ہے اس لئے اس کا علاج بھی جہانتک ہو سکے گرم کیا جاتا ہے۔ گرم کمرہ میں آگ جلا کر مریض کو حتی المقدور عمدہ گرمی پہنچائی جاتی ہے۔ اور ہوا پانی کی پرہیز کرائی جاتی ہے۔ بلکہ کل ادویہ بھی ادرک کی طرح گرم اور مالش اور غذا وغیرہ دی جاتی ہیں۔ لہذا اس کا ایک نہایت سہل اور مجرب نسخہ درج کرتا ہوں۔ اور داد چاہتا ہوں۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف

نسخہ ہائیفل ایک عدد۔ روغن افتق ۴ ماشہ۔ کستوری ایک رتی۔ زنجبیل یعنے سنڈھ ۲ تولہ۔ ورچ ۲ تولہ۔ شہد خالص ۸ تولہ

ترکیب ساخت و استعمال

جائفل کو توڑ کر بقدر دانۂ نخود اُس دا ہڑ میں جو کہ اپنی جگہ سے پس و پیش ہو گئی ہو۔ منہ کھول کر رکھیں۔ اور روغن افتق میں کستوری خوب حل کر کے ناک میں نسوار ٹپکا دیں۔ اور گرم نمدہ یا گلوبند سے سر و چہرہ کو باندھیں اور مریض کو ہر وقت گرم کپڑوں اور گرم کمرہ (جہاں آگ جلتی ہو) میں رکھیں۔ اور ورچ و زنجبیل یعنے سنڈھ ہر دو کو خوب باریک کر کے شہد ملا کر ۴ ماشہ ہر روز صبح کھلا دیں۔ سرد پانی اور ہوا کی سخت پرہیز رکھیں۔ غذا۔ کبوتر۔ بٹیر۔ مرغی وغیرہ کا شوربا۔ حلوہ۔ وغیرہ کھلا دیں اگر ضرورت۔ مالش ہو تو روغن مذکور (جو کہ پیچھے درج ہو چکا ہے) کی کریں۔ انشاء اللہ دو تین روز میں صحت ہو گی۔ صحت پر اور علاج چھوڑ دیں۔ خالی معجون ورچ پر ایک ہفتہ کفایت اور ہوا وغیرہ یعنی سردی کی پرہیز کریں۔ آزمودہ ہے۔ اس کے نتیجہ سے خاکسار کو بھی ضرور اطلاع

دیں۔ یہ نسخہ اگر غیر مفید ثابت کردیں تو ۳۰ روپے انعام دیا جائیگا +

آتشک کیلئے نہایت مجرب علاج

مرض آتشک بھی سخت مرض ہے جس کا علاج اگر پورے طور سے نہ کیا جاوے تو یہ مرض پشت بہ پشت لڑکوں نواسوں تک چلی جاتی ہے۔ یہ مرض صرف تھوڑے دنوں میں ہی مریض کو کئی جگہ سے خراب کر کے زندہ درگور کر دیتی ہے۔ ابتدا میں یہ مرض بالکل معلوم نہیں ہوتی صرف ایک خفیف سا داغ رگڑ وغیرہ اعضاء تناسل پر نظر آتا ہے۔ رفتہ رفتہ تمام جسم پر سخت زخم ہوتے جاتے ہیں۔ اگر زخموں کا علاج کیا جاوے تو وہ بیرونی جلد چھوڑ کر پیٹ کے اندر چلے جاتے ہیں۔ اگر پیٹ میں بھی مجرب ادویہ باقاعدہ نہ پہنچائی جائے تو رفتہ رفتہ جوڑوں میں درد اور جسم کمزور ہو کر پھنسیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس لئے اس خاکسار نے آتشک کے مجرب شرطیہ نسخے حصہ دوم میں بھی درج کرنے کے علاوہ حصہ سوم میں بھی درج کر دیئے ہیں۔ حصہ دوم میں مجرب نسخہ گولی برائے خوراک اندرونی و مرہم زخم بیرونی درج ہے۔ مگر ان دونوں سے پہلے یہ مسہل یعنے جلاب کر لینا نہایت عقلمندی ہے۔ یہ نسخہ غیر مفید ہو تو پانچ روپیہ انعام +

نسخہ پارہ ایک تولہ۔ اولہ سار ایک ماشہ۔ مغز جمال گوٹہ (۲) دو تولہ۔ سنگ بصری ایک تولہ +

ترکیب ساخت اول جمال گوٹہ کی پوٹلی باندھ کر پاؤ بھر گوبر بھینس میں پاؤ بھر پانی ملا کر درمیان پوٹلی رکھ کر نرم آگ

پر چار پانچ گھنٹہ تک پکاویں پھر پوٹلی نکال کر مغز جمال گوٹہ کو چھیل کر تپہ (جو درمیاں جبلی سے ہوگی) دور کریں اور مغز کو سنبھال رکھیں۔ پھر پارہ اور اولاسار کو کھرل کریں۔ جب پارہ مثل راکھ سیاہ ہو جاوے اور چمک بالکل نہ رہے۔ پھر مغز جمال گوٹہ مدبر شدہ جس سے پتہ نکال کر رکھا ہے ملا کر کھرل کریں۔ جب سب ایک جان ہو جاوے پھر کسی سکورہ یعنی ڈولہ میں ڈالیں اور کھرل کو بھی اس قدر پانی سے دھو کر اس میں ڈالیں کہ پانی دو اسے دو انگل تیر جاوے پھر نرم آگ پر پکاویں۔ جب پانی جل کر دوائی کچھ رطوبت آمیز ہو جاوے اُتار کر کسی لکڑی وغیرہ سے ہلا کر ٹھنڈا کریں۔ جب سرد ہو کر دو اخشک سفوف کی طرح ہو جاوے شیشی میں بند کر رکھیں +

ترکیب استعمال دو رتی خوراک اس طریق سے کہ دوا دنتوں کو نہ لگنی پاوے کچی لسی شیر گاؤ ایک پاؤ سے کھلا دیں۔ خوب کھل کر مسہل ہوگا۔ دوسرے روز ایک خوراک اور کھا دیں۔ جب مسہل ہو جاوے غذا دودھ چاول کے بغیر کچھ نہ دیں۔ اول ایک روز میں خوب جلاب ہوگا۔ جلاب کے دو روز گذرنے کے بعد گولی آتشک حصہ دوم اس کتاب سے بنا کر استعمال کریں اگر کوئی زخم جسم پر ہو تو مرہم بھی حصہ دوم سے بنا لیں) اگر جوڑوں میں درد ہو تو حصہ چہارم میں درد روغن آتشک جو برائے مالش درج ہے) بنا کر استعمال کریں۔ انشاء اللہ اس مرض کا نام و نشان تک نہ رہیگا۔ پرہیز ترشی۔ بادی۔ گوشت وغیرہ اثنائے علاج میں ضرور رکھیں جب کبھی اس سلسلہ کتاب دولت کمانے کی کل کے کسی نسخہ کو عمل میں

لاویں تو خاکسار کو ضروری اس کے نتیجہ سے اطلاع دیں +

نوٹ اگر اس مرض کا علاج کرنے اور دوا وغیرہ بنانے کی آپکو فرصت نہ ہو تو مسہل اور کھانے کی دوا اور لگانے کی مرہم سب کچھ ہم سے طلب کریں۔ انشاء اللہ فوراً ایک ہفتہ میں روانہ ہوگی اور بغیر منہ آنے اور کسی قسم کی تکلیف ہونے کے ایسا آرام خدا دے گا۔ کہ پھر عمر بھر یہ مرض عود نہ کرے گی +

قیمت ہر سہ ادویہ کی سات روپے پیشگی آنے چاہئیں +

حکیم شیخ کریم بخش سیاح امریکہ وغیرہ گجرات۔ پنجاب۔

روغن نامردی و سستی

گو آگے بھی حصہ اول اور دوم میں روغن سستی اور نامردی کے نسخے درج کر چکا ہوں۔ مگر فی زمانہ سستی۔ نامردی۔ جریان۔ آکشک سوزاک کی شکایات عام دیکھی سنی جاتی ہیں۔ اس لئے ہر ایک حصہ میں ان مرضوں کیلئے اعلےٰ اعلےٰ نسخے درج کر دیئے ہیں۔ تاکہ شائد کسی موقع پر کسی خریدار کے پاس ایک جلد موجود ہو۔ اور دوسری نہ ہو۔ تو اُس کو وقت پر ایک ہی جلد کام دے سکے۔ چنانچہ یہ نسخہ سابقہ ہر دو نسخوں سے نہایت اعلےٰ قوی اور زود اثر ہے۔ گویا یہ نسخہ آبلے والا ہے۔ مگر زود اثر اور تیر بہدف اول درجہ کا ثابت ہو چکا ہے۔ چنانچہ جسقدر مجھ کو اس نسخہ پر بھروسہ ہے اس کے ثبوت پر غیر مفید ثابت کرنے والے کو عوض روپیہ انعام دینے کا سچا وعدہ کر دیا ہے۔ آپ ضرور بنا کر فائدہ اٹھائیں +

نسخہ۔ پارہ ۲ تولہ۔ بیر بہوٹی ۲ تولہ۔ سم الفار یعنی سنکھیا سفید ۲ تولہ۔ زردی انڈا مرغی ۲۰ عدد۔ شیشی آتشی ایک عدد۔

ترکیب ساخت } اول پارہ اور سنکھیا کو کھرل کریں جب ہر دو آپس میں ایک جان ہو جاویں۔ پھر بیر بہوٹی ملا کر حل کریں جب وہ بھی بخوبی مل جاوے پھر زردی انڈہ ڈال کر پانچ روز تک برابر کھرل کرتے رہیں۔ جب دوا خشک ہو کر گولی بننے کے لائق ہو جاوے بقدر دانہ نخود گولی بنا کر شیشہ آتشی (جو کہ صرف ایسی دوائیوں کیلئے ہی بنایا پنساریوں کی دکانوں پر ۵۔ یا ۶۔ کو بکتا ہے) میں جو کہ اول گردن چھوڑ کر ملتانی مٹی سے ٹھٹھر کر خشک کر لیا گیا ہو۔ تمام گولیاں اس میں ڈال دیں۔ پھر ایک مٹی کے گھڑے کا ٹھیکرا جو کہ نصف حصہ نیچے کا ہو لیکر اُس کے درمیان کسی چھری وغیرہ سے اس قدر ایک سوراخ نکالیں کہ جس میں سے آتشی شیشہ کی گردن باہر نکل آوے۔ پھر ٹھیکرا کو چولھے پر رکھیں اور شیشی کی گردن کا منہ جو کھلا ہوا ہو۔ وہ گھوڑے کے بالوں کی گوچھی سے بند کر کے اور ٹھیکرا کے سوراخ سے شیشی کی گردن چولھے کی طرف پر باہر نکال کر بغیر الٹی کر کے رکھدیں۔ اور شیشہ کے منہ کے نیچے بغیر چولھے میں ایک چینی پیالہ رکھدیں پھر ٹھیکرا پر کوئلہ کی آگ سلگا کر شیشہ کے چاروں طرف رکھ دیں۔ بعد گزرنے آدھ پون گھنٹہ کے تیل نکلنا شروع ہو کر پیالی میں جو کہ چولھے میں رکھی ہوئی ہے گر کر جمع ہوتا جاوے گا۔ جب دو تین گھنٹے کے وقفہ سے تمام تیل نکل کر جمع ہو جاوے تو شیشی پنجہ یعنی بوتل بند ال کر رکھ لیں اور آگ وغیرہ بجھا کر دوائی کا فضہ پھینک دیں۔

نوٹ یہ کام ہوشیاری اور عقلمندی کا ہے۔ اگر آپ نہ کر سکیں۔ تو یہ

روغن ۵ روپے پیشگی بھیجکر ہم سے منگوالیں ۔

ترکیب استعمال

وقت ضرورت برگ پان سبز کو پانی وغیرہ سے صاف کرکے آگ پر نیم گرم کریں اور روغن مذکور سے چپڑیں ۔ پھر حشفہ یعنی سپاری اور نیچے کا حصہ چھوڑ کر آلت کے اوپر رکھ کر باندھیں ۔ رات کو باندھیں ۔ صبح کو کھول دیں ۔ اول ایک روز میں ورنہ دوسرے حد درجے تیسرے روز ضرور آبلہ ہوگا ۔ یہ عمل آبلہ ہونے تک ہر روز تازہ رات کو کرنا چاہیئے جب آبلہ ہو جاوے تو کسی باریک سوئی سے آبلہ کو چھید کر خراب پانی نکال دیں ۔ اور بعد میں صرف تازہ روغن گاؤ نیم گرم سے دن رات میں چار پانچ دفعہ چپڑ دیا کریں ۔ دو چار روز میں زخم اچھا ہو جاوے گا ۔ مگر زخم ہونے کی حالت میں چلنے پھرنے اور کاروبار کو بند رکھیں ۔ آرام سے ایک جگہ بیٹھ کر علاج میں مشغول ہیں ۔ جب زخم اچھا ہو جاوے تو پھر حصہ اول یا دوم سے سفوف جریان بنا کر یا ہم سے دافع نامردی و سستی کی گولیاں چالیس خوراک قیمت پیشگی ۱۲ بھیجکر منگوالیں ۔ انشاء اللہ بڑا فائدہ ہوگا ۔ آزمودہ ہے ۔ اس کو بنا کر فائدہ اٹھانے کے بعد خاکسار کو بھی ضرور اطلاع کریں ۔

کیمیائے عشرت

عام لوگ کوک شاستر اصلی کے دھوکہ میں پھنسکر طبی کتب جس میں کہ طبی کتب کے بھی اصلی مجرب نسخے نہیں ہوتے ۔ خریدتے ہیں ۔ مگر جب کبھی ان سے کوئی نسخہ بنا کر تجربہ کرتے ہیں ۔ تو قیمت کتب کے علاوہ رقم لاگت

نسخہ کو بھی ضائع کر کے ایک سرد آہ بھر کر کہدیتے ہیں۔ کہ مجھ کو اب بھی اصلی کوک شاستر نہیں ملی۔ یہ عقلی نمدہ بدہ اتنا بھی نہیں جانتے۔ کہ کوک شاستر اصلی کہاں جس حالت میں ثابت ہو چکا ہے کہ وہ جلا دیا گیا تھا۔ اور اس کی اشاعت کا حکم بند کر دیا ہے۔ اب کہاں سے آگیا۔ یہ صرف مجرب نسخہ جات طبی ہیں۔ جو باقاعدہ اگر کسی تجربہ کار سے سیکھ کر بنائی جائیں۔ تو ہر حالت میں مفید ہوتے ہیں۔ ورنہ غیر مفید اور مضر لہذا میں بھی ایک دو مجرب کیمیائی نسخے سب صاحبان کو سکھلاتا ہوں۔ اس نسخہ سے سخت گرم خشک مزاج والے کے علاوہ ہر ایک شخص بخوبی فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔ اور ایک رات میں جو وہ سیر تک دودھ ہضم اور تمام رات عشرت کر سکتا ہے۔ امید ہے کہ جو صاحب اس کو بنا کر تجربہ کریں۔ وہ طاقت مردانہ کا خاطر خواہ فائدہ اُٹھا کر خاکسار کو دعائے خیر سے یاد کریں گے۔ اگر یہ نسخہ عشرت نہ دکھائے تو ایک سو روپے کا انعام میں دوں گا۔ کریم بخش۔

نسخہ۔ نک چھکن ۳ رتی۔ کانچھل ۶ رتی۔ لونگ ۴ رتی۔ شنگرف ۴ رتی ماجو ۴ رتی۔ ورق طلا ۴ رتی۔ زعفران ۱ رتی۔ دارچینی ۱ ماشہ کستوری ۱ ماشہ۔ ریگ ماہی ۱ ماشہ۔ افیون ۶ چاول۔ ورق نقرہ ۷ رتی +

ترکیب ساخت

ہر ایک دوا کو پیس چھان کر سفوف تیار کریں اور ترکیب استعمال و فوائد کا بیان معہ ونن خوراک فیس بھیجکر دریافت کریں۔ کیونکہ اس نسخہ کی ترکیب استعمال عام طور پر شائع کرنے کی اجازت نہیں۔ اس لئے خاص شاگردوں کو ہی سکھلایا جائیگا۔ اور فیس بطور حق استادی جو توفیق ہو پیشگی

لی جائیگی +

دیگر نسخہ کیمیائی

مازو ۱ ماشہ - کافور ۱ ماشہ - وج ترکی ۱ ماشہ - بیر بہوٹی ۲ ماشہ - شہد خالص حسب ضرورت +

ترکیب ساخت

اول سب کو باریک پیس کر اس قدر شہد میں حل کریں کہ مثل مرہم ہو جاوے پھر فیس بھیجکر خاکسار سے ترکیب استعمال و فوائد و وزن خوراک دریافت کریں - یہ ہر دو نسخے بلا فیس کسی کو نہ سکھلائے جاوینگے +

حلوہ قوّت مردانہ

آج کل عام معززین اور نوجوان شائقین قوت مردمی وغیرہ کے نسخہ جات کو بہت پسند کرتے ہیں - اس لئے خاکسار نے بھی زیادہ تر انہیں نسخوں پر زور دیا ہے - چنانچہ حصہ اول و دوم میں بھی قوت مردانہ - جریان وغیرہ کے چند مجربہ شدہ نسخہ جات درج کر دیئے ہیں جن سے عام لوگوں نے فیضیابی کے بعد بے شمار تصدیقات و انعامات ارسال کر کے مشکور فرمایا ہے - اس لئے اب اس حصہ میں بھی چند اکسیرات طاقت مردمی درج کرتا ہوں - ملاحظہ فرماویں +

نسخہ - موصلی سفید ۱ تولہ - ثعلب مصری ۱ تولہ - بہمن سفید ۱ تولہ - جلوتری ۹ ماشہ - مصری سفید ۵ تولہ - شیر گاؤ ایک سیر - مکھن گاؤ ۵ تولہ +

ترکیب ساخت واستعمال

اول شیر گاؤ کے علاوہ سب کا جدا جدا سفوف باریک کریں پھر موصلی وثعلب وبہمن سفید ہر سہ کا سفوف دودھ میں بخوبی حل کر کے دیگچی قلعی شدہ میں ڈالکر نرم آگ پر پکادیں۔ اور چمچہ سے تہ تک ہلاتے رہیں تاکہ نیچے دواجم کر جل نہ جاوے جب دودھ مثل کھویا کے ہو جاوے پھر مکھن ڈالکر پکادیں جب دوائی بریاں ہو جاوے پھر جلوتری اور مصری ڈالکر تیزی سے حل کر کے اور حلوا سا بنا کر کسی قلعی شدہ یا چینی کے برتن میں اٹھا رکھیں۔ اور صبح وشام دو تولہ ایک ایک پاؤ دودھ سے یا ویسے ہی کھایا کریں۔ انشاء اللہ ایک دو ہفتہ کے استعمال سے طاقت کافی طور پر ہو جائیگی کیونکہ یہ نسخہ اکسیر اعظم ہے بعد فائدہ اٹھانے کے مجھ کو ضرور اطلاع دیں۔

دیگر بے نظیر حلوا قوت مردانہ کیلئے

یوں تو اپنے طاقت مردانہ کے ہزاروں نسخے دیکھے سُنے ہوں گے۔ مگر اس حلوے کا فائدہ تجربہ سے معلوم ہوگا۔ یہ حلوا رفیق بدن اور تحفہ قابل رؤسا وامرا۔ جس کی نسبت صرف اس قدر لکھنا کافی ہے کہ تھوڑے ہی دنوں میں بدن کے تمام اعضا کو بے حد طاقت مردانہ دے کر ایسی قوت دیتا ہے۔ کہ قدرتاً ایسے نوجوان کی سی طاقت ہو جاتی ہے۔ کہ جس نے پچیس سالہ عمر حاصل کرنے کے علاوہ شادی بھی ابھی نہ کی ہو۔ اور نہ کسی بداعمال کو کام میں لایا گیا ہو۔ کئی سالوں سے میرا اس پر تجربہ ہے سینکڑوں۔ لاغر۔ کمزور ناتواں آدمیوں پر استعمال کیا گیا۔ جس سے وہ شاہ زور

موٹے تازے سرخ رنگ قوی جسم بن چکے ہیں۔ پس اسے جو کوئی ایک دفعہ بھی بنا کر استعمال کرے گا۔ ہمیشہ کے لئے اس کا شایق اور مجسم سراپا عقیدت بن کر خاکسار کو ضرور دعا خیر سے یاد کرنے کے علاوہ حسب توفیق انعام سے بھی سرفراز فرمائیگا۔ اگر خود بنانے کی فرصت نہ ہو تو ہم سے پیشگی قیمت فی سیر عنہ ۱۰ روپیہ بھیجکر منگالیں +

نسخہ۔ میدہ نخود بریاں۔ ۱۰ پاؤ۔ روغن گاؤ ۳ پاؤ۔ شکر تری ۱ سیر پانی ۱۰ سیر۔ مغز اخروٹ ۳ چھٹانک۔ مغز چلغوزہ ۱ پاؤ۔ شقاقل مصری ۹ ماشہ۔ عاقر قرحا ۹ ماشہ۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ لونگ ۹ ماشہ۔ دارچینی ۹ ماشہ ثعلب مصری ایک تولہ۔ مغز ناریل ۳ چھٹانک مغز بادام ۱۰ پاؤ +

ترکیب ساخت و استعمال

بھونے ہوئے چنے کی کھیل کا میدہ ڈیڑھ پاؤ لے کر ۳ پاؤ روغن گاؤ میں احتیاط سے خفیف آگ پر بھونیں۔ تاکہ جل نہ جاوے۔ پھر شکر تری کا شربت پکا کر ملاویں۔ پھر مغز چلغوزہ اور اخروٹ و ناریل و بادام جو پہلے سے پیس کر اپنے پاس رکھے ہوئے ہوں۔ اور شقاقل۔ عاقر قرحا وغیرہ وغیرہ کا سفوف بھی جو پہلے سے پیس کر رکھا گیا ہو ملاویں۔ پھر کسی مرتبان میں بند کر رکھیں۔ اور بلاناغہ ہر روز صبح ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک کھاویں پرہیز کچھ نہیں غیر مفید ثابت ہونے پر عنہ ۲۰ روپے انعام +

سفوف قوت مردانہ و جریان

یہ سفوف میرے مولٰنا مرشد صاحب کا سالہا سال سے تجربہ شدہ ہے

آجتک آنجناب کے علاوہ بندہ نے بھی سینکڑوں جگہ ہزاروں دفعہ آزمایا مگر غیر مفید ثابت نہیں ہوا یہی سفوف ہمارے دار الشفا کریمی سے ہے پراکیس خوراک عام شائقین بنوا کر منگوا کر کھانے کے بعد فوراً تصدیقی سند کے علاوہ بعض صاحب اقبال انعام بھی ارسال کر کے مشکور فرماتے ہیں۔ جو شخص اس سفوف کو غیر مفید ثابت کردے مبلغ ۵۰ روپیہ انعام کارخانہ سے فوراً حاصل کر سکتا ہے۔ انعام نہ دینے کی حالت میں قانونی طور سے چارہ جوئی کرنے کی اجازت ہے۔ اور اگر سندات و فارم انعامات دیکھنا چاہتے ہو تو کارخانہ میں تشریف لاکر بلا عذر دیکھ سکتے ہو۔ اگر یہ سفوف خود نہ بنا سکو۔ تو ہمارے کارخانہ سے بھی منگا سکتے ہو۔ جس کا نسخہ یہ ہے:۔

نسخہ تالمکھانہ ۲ تولہ۔ تخم خشخاش ۲ تولہ۔ کنجد مقشر یعنے تلی سفید ۲ تولہ مغز چرونجی ۲ تولہ۔ مغز پستہ ۲ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۲ تولہ۔ مغز تخم خربوزہ ۲ تولہ۔ مغز تخم کدو یعنی حب قرطم ۲ تولہ۔ چھوہارا ۵ تولہ۔ مغز بادام ۲ تولہ۔ بیج بند ۱ تولہ۔ موصلی سیاہ ۱ تولہ۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ جلوتری ۱ تولہ۔ گوند کیکر ۱ تولہ۔ گوند کتیرا ۱ تولہ۔ بہمن سرخ ۱ تولہ بہمن سفید ۱ تولہ۔ سنڈ ۶ ماشہ۔ میدہ سک ۱ تولہ۔ دانہ الائچی ۱ تولہ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ سرد چینی ۶ ماشہ۔ بھوپھلی ۶ ماشہ۔ سورنجان شیریں ۶ ماشہ۔ دار چینی ۶ ماشہ۔ عنبر قرحا ۳ ماشہ۔ مصری سب کے برابر +

ترکیب ساخت چھوہارا گٹھلی نکال کر اور مغز پنبہ دانہ یعنی تخم کپاس کا مغز جو بازار میں نہیں بکتا حاصل کر کے۔ سب کو جدا جدا صاف اور وزن کر کے ایک جگہ پیسکر چھانی سے چھان کر تیار

کریں۔ جب تیار ہو جاوے۔ ایک ایک تولہ کی پڑیہ باندھ رکھیں۔

ترکیب استعمال علی الصباح ایک پوڑیہ آدھ سیر دودھ گاؤ یا بھینس اگر نہ مل سکے تو بکری کے دودھ سے کھا دیں۔ لیکن گاؤ کا سب سے بہتر ہے۔ پرہیز ترشی اور گرم خشک اشیا اور مباشرت سے چند یوم ضرور کریں۔ چند یوم کے بعد طاقت بدنی کا ملاحظہ فرما دیں۔ نہ صرف اسی نسخہ کو بلکہ اس کتاب کے ہر ایک نسخہ کے آزمانے کے بعد جو شخص ہمیشہ ہم کو اطلاع دیتا رہیگا۔ اس کو ہم اپنی گرہ سے انعام دیں گے۔ جس کی مقدار پانچ روپیہ سے لیکر ۲۰۰ روپے تک رکھی گئی ہے یہ صرف اس لئے نہیں کہ ہماری کتاب مقبول عام ہو۔ یہ اس لئے ہے کہ ہم اندازہ لگا دیں۔ کہ ہماری کتاب کو عورتیں مرد بچے۔ بوڑھے پڑھ کر کسقدر فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔ اور کس قدر ہماری مرگ بعد ہمارا نام زندہ رکھنے والے موجود ہو گئے ہیں +

مرگی کے لئے مجرب

گو مرگی کے لئے نسخہ مجرب نسوار کا حصہ دوم میں درج ہو چکا ہے مگر اس کے ہمراہ خوراکی نسخہ کی ضرورت تھی۔ اس لئے یہ نسخہ گولی کا واسطے کھانے کے درج کرتا ہوں۔ امید ہے کہ ان ہر دو نسخہ کے استعمال سے اس منحوس مرض کا نام و نشان تک نہ رہیگا +

نسخہ ۔ سفید توتیا ۴ ماشہ۔ چرائتہ ۸ ماشہ۔ پانی صاف حسب ضرورت

ترکیب ساخت و استعمال ہر دو کو باریک پیس چھان کر کے ایک رتی کی گولیاں پانی سے بنا لیں یعنی کل ۹۶

گولیاں ہوں سادر سایہ میں خشک کر رکھیں۔ پہلے روز ایک گولی پانی سے کھلا دیں۔ دوسرے روز دو۔ پھر تیسرے روز سے ہر روز تین گولی کھلا دیں۔ انشاء اللہ تمام گولی ختم ہونے پر مرض مرگی کی بیخ بھی کٹ جاوے گی۔ آزمودہ ہے +

نوٹ ۔ اگر اس اثنا میں مرگی وارد ہو جاوے تو نسوار مرگی جو حصہ دوم میں درج ہے۔ فوراً سنگھا دیں۔ انشاء اللہ آرام ہوگا۔ اور پھر دوبارہ یہ حالت ساری عمر نہ ہوگی۔ اگر خود نہ بنا سکیں تو ہم سے فی شیشی عہ کے حساب سے قیمت پیشگی بھیجکر منگالیں +

اس کو بنا کر آزمانے کے بعد نتیجہ سے ضرور اطلاع کریں۔ تاکید مزید ہے

پھوڑا۔ پھنسی ہر قسم کا علاج!

میرے استاد حضرت نواب علی شاہ صاحب کے بہت پشتی کتبخانہ میں سینکڑوں پرانی کتابیں قلمی تحریر اردو۔ فارسی۔ عربی زبان جس میں کروڑہا مجرب نسخہ جات ہر قسم موجود ہیں۔ جن کو بندہ بڑی آزادی سے ہمیشہ مطالعہ کر کے ہر قسم کے نسخہ جات چیدہ کرتا رہا۔ بلکہ اب بھی کر رہا ہے۔ چنانچہ یہ نسخہ بھی ایک پرانی قلمی بیاض کا ہے۔ جو کہ درج کرتا ہوں۔ اس سے بچوں۔ بوڑھوں۔ جوانوں۔ مردوں۔ عورتوں کو بہت سا فائدہ ہوگا۔ کیونکہ یہ نسخہ ہر قسم کے پھوڑے پھنسی کو یقیناً فائدہ دیتا ہے امید ہے کہ ہر ایک صاحب تجربہ کر کے ضرور تصدیق کریں گے +

نسخہ ۔ ہلیلہ زرد ۶ ماشہ۔ چونہ بجھا ہوا ۶ ماشہ۔ نیلہ تھوتھا ۶ ماشہ۔ پوست بلیلہ یعنی بہیڑہ ۶ ماشہ۔ کتھ پاپڑیا ۶ ماشہ +

ترکیب ساخت و استعمال

سب کو باریک پیس کر حسب ضرورت پانی سے گولی بقدر نخود بنا دیں۔ اور سایہ میں خشک کر کے رکھیں وقت ضرورت روغن گاؤ میں رگڑ کر لیپ کریں۔ مجرب اعظم ہے۔ اس کو بنانے اور آزمانے کے بعد خاکسار کو ضرور اطلاع دیں۔ اگر خود بنانے کی فرصت نہ رکھتے ہوں تو ہم سے عد شیشی کے حساب سے منگالیں۔ اگر نسخہ غیر مفید یا مضر ثابت کریں۔ تو مبلغ ۱۰۰ روپیہ انعام +

اکسیر ناسور و گبیر

عرصہ ہوا۔ کہ یہ مرہم ایک سادھو نے اپنی خوشی کے کہجہ میں آکر شہر راولپنڈی میں مجھ کو بتلائی تھی سادھو کا نام نامی کشن جی مہاراج تھا۔ ناسور اور گبیر پر کئی دفعہ تجربہ کیا۔ مگر تا حال کوئی بیمار ایسا نہ آیا جس نے اس مرہم سے فائدہ نہ پایا ہو۔ جس کا نسخہ آج تک میرے سینہ میں مقفل تھا۔ مگر اب عام پبلک کی بہتری کو مد نظر رکھ کر درج کیا جاتا ہے ان شاء اللہ یہ نسخہ عمدہ مفید ثابت ہوگا۔ اگر غیر مفید ہو تو دو روپے انعام +

نسخہ تیل سرسوں ۵ تولہ۔ ناخن انسان ۲ تولہ۔ سفیدہ کاشغری ۱ تولہ سندھور ۱ تولہ۔ رس کپور ۱ تولہ۔ زنگار ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ۔ موم دیسی ۱ تولہ۔ رال ۱ تولہ +

ترکیب ساخت اول تیل کو گرم کریں۔ پھر ناخن ڈال کر جلا دیں پھر موم کے علاوہ سب ادویہ باریک پیس چھان کر کے

ول آدھی مقدار سفوف ڈالدیں۔ جب وہ ایک جوش کھا جاوے آگ سے اتار کر جو باقی آدھی دوا سفوف رکھی ہو وہ اور روم بھی ڈال کر کسی لوہے کے دستہ سے اسقدر حل کریں کہ حل کرتے کرتے جم جاوے پھر کسی ڈبیہ میں ڈال کر رکھیں۔ اگر ہم سے منگانا چاہیں تو عہ رفی ڈبیہ پیشگی قیمت روانہ کر کے منگالیں +

ترکیب استعمال مل کے کپڑہ کا بقدر زخم پھاہا کاٹ کر اور درمیان سوراخ کر کے مرہم بقدر مناسب لگا کر دنبل پر چسپاں کر دیں۔ انشاء اللہ تھوڑے عرصہ میں شفا کامل ہوگی۔ اگر دنبل کا منہ بند ہو تو قدرے سفوف نیلہ تھوتھا میں موم ملا کر بتی بنا کر منہ پر رکھ دیں۔ پھر منہ بھی کھل جاوے گا۔ اکسیر کامل ہے +

اکسیر دانت

دانت بھی خداوند کریم نے انسان کو ایک ایسی عجب نعمت عطا فرمائی ہے۔ کہ جس کا شکریہ کسی حالت میں نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ کل دنیاوی کھانوں کا لطف ان ہی کے دارومدار پر ہے ان کے بغیر کسی نعمت کا ہرگز مزا نہیں آتا۔ لہذا ان کی صفائی اور صحت رکھنا سب انسانوں کا پہلا فرض ہے چنانچہ فی زمانہ بہت لوگ درختوں کی سبز ٹہنیوں کو چبا کر یا کوئلہ ریت وغیرہ سے رگڑ رگڑ کر گھنٹوں تک صاف کرتے رہتے ہیں۔ بلکہ بعض دفعہ سبز لکڑی سے رگڑنے کے باعث مسوڑوں میں زخم ہو کر ورم ہو جانے پر بجائے نفع کے نقصان ہو جاتا ہے۔ خون نکلتا ہے درد ہوتا ہے۔ ورم کھا جاتا ہے۔ آخر کسی اعلےٰ امیغن کے متلاشی ہوتے ہیں۔ اسلئے خاکسار نے

ان تمام امورات کو مدنظر رکھ کر یہ نسخہ جو تمام امراض دامت مثلاً دانتوں سے بدبو کا آنا خون نکلنا پیپ بہنا۔ پانی لگنا۔ دانتوں کا ہلنا یا کیڑا لگنا مسوڑے پھول جانا وغیرہ وغیرہ کو صرف دو چار یوم میں دفع کر کے دانتوں کو سفید اور مضبوط کرتا ہے لکھ دیا ہے تاکہ اس کی مداومت کرنے والا۔ خواہ ہے پتھر بھی چبا تا رہے تو معلوم نہ ہوں۔ امید کہ جو شخص اس منجن کو ہر ہفتہ میں ایک دو مرتبہ بھی دانتوں پر ہمیشہ ملتا رہیگا۔ اس کے دانت تمام عمر ایسے پائدار مضبوط رہینگے جیسے کہ لوہا یا نوجوان کی طرح جس کو کوئی دانتوں کا عارضہ نہ ہوا ہو انشاء اللہ اور کوئی مرض دانت ہرگز پاس تک نہ آئیگی۔ اور جو شخص مبتلائے مرض دانت ہوگا۔ اُس کو بھی ہر ایک بیماری دانت سے انشاء اللہ صرف تین چار یوم میں ایسی کلی صحت دیگا۔ کہ پھر تمام عمر کسی بیماری دانت میں مبتلا نہ ہوگا۔ گو میں نے آگے بھی امراض دانت کے دو تین نسخے حصّہ اول و دوم میں مجرب انعامی درج کر دیئے ہوئے ہیں۔ مگر یہ نسخہ سب سابقہ نسخوں سے اعلےٰ اور چوٹی کا ہے۔ جو محض ہمدردی بنی نوع انسان کو مدنظر رکھ کر نہایت فراخ دلی سے درج کرتا ہوں۔ اور وعدہ دیتا ہوں کہ اگر یہ نسخہ غیر مفید ثابت ہو جاوے تو مبلغ ۱۵۰ روپے انعام دیا جاویگا۔ ہاں اگر کسی صاحب سے کسی موقع پر تیار نہ ہو سکے تو میرے کارخانہ سے پیشگی قیمت بھیجکر بنایا یا طلب کریں۔ فوراً بنوا کر ۸ تولہ فی روپیہ کے نرخ سے معہ محصول روانہ ہوگا +

نسخہ ۔ مجیٹھ ۱ تولہ کسیس ۱ تولہ۔ باؤ برنگ ۱ تولہ۔ مازو ۱ تولہ۔ کتھ سفید ۱ تولہ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ نیلہ تھوتھا ۶ ماشہ۔ سعد کوفی یعنی ترنجلیاں ۱ تولہ۔ چشمگدی اسنبل الطیب ۱ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۱ تولہ +

ترکیب ساخت و استعمال ۔ نیلہ تھوتھا کو کسی آہنی کرچھی میں ڈالکر

آگ پر بھون لیں۔ پھر باقی ماندہ کل ادویہ کے ہمراہ باریک پیسکر کپڑچھان کر رکھیں۔ وقتِ ضرورت رات کو سوتے وقت انگلی سے آہستہ آہستہ دانتوں پر ملیں۔ بعد مالش کے منہ ڈھیلا چھوڑ کر رال ٹپکا دیں۔ پھر ایک بیڑا پان کھا کر سو جاویں۔ صبح اُٹھکر پانی سے غرغرہ کر دیں سب امراض دانت کو فائدہ ہوگا +

نوٹ کسیس ملانے سے مسّی کی طرح دانت سیاہ کرے گا۔ بغیر کسیس دانت سفید ہوں گے +

اس کے بنانے اور آزمانے کے بعد خاکسار کو ضرور اطلاع دیں۔ اگر اطلاع نہ دیں گے۔ تو خاکسار آپ کا حشر تک دامن گیر رہے گا +

ترقیدگی یا یعنی بیائی پاؤں کا علاج

ہمیشہ سردی کے موسم میں دیکھا گیا ہے۔ کہ اکثر لوگوں کے ہاتھ پاؤں مخالف ہوا اور سردی سے پھٹ جاتے ہیں۔ بلکہ بعض مسافروں اور مزدوروں کے تو اس قدر پھٹتے ہیں۔ کہ ان کو چلنے پھرنے کاروبار میں نہایت وقت ہوتی ہے۔ لہذا ان کی سہولیت کے لئے بھی یہ مجرب نسخہ درج ذیل کر دیا گیا ہے +

نسخہ ۔ چربی بکری ۱ تولہ۔ رال ۱ تولہ۔ موم ۱ تولہ۔ تیل السی ۱ تولہ +

ترکیب ساخت و استعمال

رال کو پیس کر تیل میں ڈالیں اور گرم کریں۔ جب ہر دو مل کر ایک جان ہو جاویں۔ موم ملا کر اتار لیں۔ سرد ہونے پر قدرے رات کو ہاتھ پاؤں کی

پھٹی ہوئی جگہ پر لگا کر پھر آگ سے سیک کر سو جایا کریں۔ انشاء اللہ دو چار دن میں جسم دریدہ مل کر صاف ہو جاوے گا۔ آزمودہ ہے۔ غیر مفید یا مضر ہو تو عہ روپیہ انعام +

سخت دمہ کا نہایت سہل علاج

عام لوگوں کا نہ صرف خیال۔ بلکہ یقین ہے کہ دمہ دم کے ساتھ جاتا ہے مگر جہانتک تجربہ کر کے دیکھا گیا ہے۔ یہ بالکل غلط ہے کیوں؟ اس لئے کہ کئی دفعہ دیکھنے میں آیا ہے۔ جو کئی بیماریوں کا علاج بہت سے لائق تجربہ کار ڈاکٹروں حکیموں سے نہیں ہو سکا۔ مگر کسی گنوار کی ایک کوڑی کی دوائی سے فی الفور آرام ہو گیا۔ چنانچہ دمہ کے بھی سینکڑوں بیمار جو صحتیاب ہو چکے ہیں۔ اسکی تصدیق کرتے ہیں۔ رہی یہ بات کہ شفا صحت۔ فائدہ۔ آرام دینے والا تو وہی خدا ہے۔ کیا آپ نہیں جانتے کہ جب خدا نے چاہا تو صرف پانی کے گھونٹ سے سالہا سال کی مرض کا نام و نشان تک مٹا دیا جس کی تصدیق کیلئے خود خدا تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ

نہ ناامید ہو تو اللہ کی رحمت سے

لہذا توکل بخدا ان گنواری ٹوٹے پھوٹے نسخہ جات کو ہدیہ قوم کر کے اپنے تجربہ کے مطابق کامل امید کرتا ہوں کہ ضرور فائدہ دیں گے۔ چنانچہ سخت دمہ کیلئے تیر بہدف نسخہ بطور نمونہ اس وقت پیش کرتا ہوں۔ تجربہ فرما دیں اور دعا دیں +

نسخہ یسم الفار یعنی سنکھیا سفید ایک تولہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ مصبر ۳ ماشہ

صدف صادق ۱ تولہ - بادام روغن ۳ ماشہ - دودھ گاؤ ۱ تولہ +

ترکیب ساخت اول صدف صادق کو کسی مٹی کے سکورہ میں ڈالکر دودھ میں آٹھ پہر بھگو رکھیں بعد آٹھ پہر گذرنے کے سکورہ کا منہ بند کرکے دو چار اپلوں کی آگ میں پھونک دیں۔ صدف کا سفید مثل برف کشتہ برامد ہوگا۔ پھر سب کو کھرل میں ڈال کر اس قدر حل کریں کہ تمام روغن بخوبی جذب ہو کر اور دوائی مثل سرمہ باریک پیسکر خشک سفوف بن جاویگی پھر سفوف کو شیشی میں ڈال رکھیں +

ترکیب استعمال سخت بلغمی دمہ کے مریض کو ایک چاول ہفتہ کے دانہ میں اور خشک یعنے صفراوی گرم دمہ کے مریض کو مکھن یا ملائی میں کھلا دیں ایک یا دو ہفتہ تک ہر روز ایک دفعہ بوقت صبح کھلانیسے انشاءاللہ شافی شفا دیگا آزمودہ ہے۔ غیر مفید نسخہ ہو تو مے روپیہ انعام +

پرہیز و غذا ترشی ہر قسم اچار ہر قسم دال مسور بینگن گوشت گاؤ چاول خشکہ کھیر۔ لسی دہی وغیرہ وغیرہ گرم خشک اور تیز ترش بلغمی بادی اشیاء سے پرہیز کریں اور غذا حتی المقدور گیہوں۔ انڈا مرغ شوربا گوشت بکری۔ پائچہ بکری۔ حلوہ۔ زردا۔ پلاؤ۔ چپاتی وغیرہ معتدل اور ہری دار کھاویں۔ بعد تجربہ اس نسخہ کے خاکسار کو ضرور اطلاع دیں +

نوٹ یہ دوا زہریلی ہے۔ اس لئے ایک چاول سے زیادہ ہرگز نہ کھلاویں۔ ورنہ نقصان ہوگا۔ احتیاط رکھیں اگر ہمسے منگانا چاہیں تو فی شیشی قیمت تین (۳) روپے پیشگی بھیجکر طلب کریں +

رشتہ یا یعنی ناروا کا مجرّب علاج

یہ بھی ایک پھوڑے کی قسم ہوتی ہے اور زیادہ تر یہ پاؤں وغیرہ پر نکلتا ہے۔ نشانی اس کی یہ ہے۔ کہ چکی کی طرح سخت اور دھاگے کی طرح تار رکھتا ہے۔ ذرا ذرا تار نکلتی رہتی ہے۔ اور درد وغیرہ بھی محسوس ہوتا رہتا ہے۔ اس کا ایک مجرب نسخہ محمد عزنامی سنیاسی سکنہ ملک برہما سے اثنائے قیام چین میں میں نے سیکھا تھا جو کہ اس کا مدت سے مجرب ہے ✤

نسخہ۔ شنگرف ۳ ماشہ۔ روئی کپاس ۱ ماشہ۔ شیر مدار یعنے اک کا دودھ ۶ ماشہ ✤

ترکیب ساخت و استعمال

روئی کو دودھ میں تر کر کے اور شنگرف کو باریک پیس کر اس روئی کی ایک طرف چھڑک کر زخم پر باندھیں۔ تمام رات بندھا رہے۔ صبح کو کھول دیا کریں متواتر ہفتہ عشرہ کرنے سے تمام رشتہ باہر نکل آویگا۔ بعد زخم پر کوئی مرہم لگا دیں زخم اچھا ہو جاوے گا۔ نہایت مجرب ہے۔ اس کے نتیجہ سے ضرور اطلاع دیں ✤

اکسیر تلی یعنے طحال

طحال کا مجرب نسخہ آگے بھی حصہ دوم میں درج ہو چکا ہے۔ مگر وہ گولی اور یہ عرق مجرب المجرب صرف اسی تیسرے حصہ میں درج کرنے کے لئے آجتک مخفی رکھا ہوا تھا۔ امید ہے کہ اس نسخہ سے صرف دو ہفتہ میں

خواہ ہے کیسی سخت کیوں نہ ہو۔ فوراً آرام ہوگا۔ جس کا نسخہ بالکل کم خرچ بالانشین یہ ہے +

نسخہ۔ سوہاگہ ۶ ماشہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ قلمی شورہ ۶ ماشہ پھٹکڑی سفید ۶ ماشہ۔ رس کوار گندل ۴ تولہ +

ترکیب ساخت و استعمال

سب کو پیسکر ایک شیشی میں ڈال کر تین دن خوب تیز دھوپ میں رکھیں پھر رومال سے چھانکر شیشی میں بند کر رکھیں وقت ضرورت صرف تین قطرہ بتاشہ پر ڈال کر علی الصباح کھلا دیں اور نمک و مرچ سے پرہیز کریں۔ اگر خود بنانے کی فرصت نہ ہو۔ یا کوئی امر مانع ہو۔ تو ہمارے دواخانہ سے بنوا کر فی شیشی عہ معہ محصول منگائیں۔ انشاء اللہ دو ہفتہ میں کلی صحت ہوگی۔ بعد تجربہ ہم کو بھی اطلاع دیں۔ اور اگر نسخہ غیر مفید ہو تو ہم مبلغ صہ روپے انعام دینے پر تیار ہیں +

دیگر نہایت مجرب اور ہزاروں سے بہتر تلی کا لیپ

تلی کے علاج کا خیال لوگوں کو تب ہی ہوتا ہے۔ جب کہ یہ بڑھ کر تمام پیٹ میں جگہ روک لیتی ہے۔ یہ پسلیوں کے نیچے پیٹ کے بائیں طرف حالت صحت میں معلوم نہیں ہوتی۔ لیکن جب بیماری کے باعث پسلیوں سے باہر بڑھ کر نکلتی ہے۔ تو ہر ایک کو معلوم ہوتی ہے۔ جو لوگ اس وقت بھی اس کا خیال نہ کرنے کے باعث علاج پر توجہ نہیں کرتے۔ وہ خود کو خطرۂ جان میں ڈالتے ہیں۔ کیونکہ تھوڑے عرصہ میں تمام پیٹ میں بھر کر

ذرا سے صدمہ سے پھٹ جایا کرتی ہے۔ جس سے انسان فوراً مرجاتا ہے۔ ابتدائی حالت میں مریض کا چہرہ زرد۔ بدن کمزور۔ اعضا شکنی۔ بدہضمی کبھی اسہال کبھی قبض۔ اٹھتے بیٹھتے میں تکلیف ہوتی ہے۔ عموماً یہ مرض موسمی بخاروں میں بدپرہیزی کے باعث ہوجاتی ہے۔ میرے پاس اس مرض کے کئی مریض آئے۔ جن کو انہی دو تین نسخوں میں سے (جو حصہ اول و دوم وسوم) وغیرہ میں درج ہیں۔ جس ایک آدھ کو استعمال کرایا فوراً خداوند کریم نے صحت عطا فرمائی۔ لہذا وہی نسخے درج کتاب کردیئے گئے ہیں۔ صرف یہ لیپ اکسیری جو باقی تھا وہ بھی عام صاحبان کے لئے درج کرتا ہوں۔ امید کہ جو صاحب استعمال میں لاویں گے ضرور فائدہ اُٹھاویں گے ✤

نسخہ) تیزانگوری سرکہ ۳ تولہ۔ اُشق ۶ ماشہ۔ انجیر کا دودھ ۶ ماشہ انگور کی راکھ ۳ ماشہ۔ بکری کے مینگنی کا کوئلہ ۳ ماشہ ✤

ترکیب ساخت واستعمال

سب کو کھرل میں ایک روز تک حل کریں۔ جب مثل مرہم ہوجائے پھر تلی کے برابر کپڑے کا پھاہا مرہم سے آلودہ کرکے تلی پر چسپاں کردیں روز بروز تلی گھٹتی جاوے گی۔ اور وہ پھاہا جس قدر تلی کم ہوتی جاویگی اکھڑتا جاوے گا۔ وہ پھاہا جس قدر اکھڑتا جاوے نئی پٹی سے اسی قدر کاٹتے جاویں صرف ایک ہی پھاہا کافی ہوگا۔ امید کہ ایک ہفتہ میں کلی صحت ہوجاویگی۔ یہ نسخہ غیر مفید ثابت ہونے پر (۵۰) روپے انعام دیا جاوے گا۔ مگر اس کے ہمراہ نسخہ تلی جو صفحہ ۱۷ کتاب ہذا پر درج ہے وہ بھی کھایا کریں ✤

نسیان یعنی کند ذہنی اور قوت باہ کا انمول نسخہ

بعض طالب علموں کو کند ذہنی اور بوڑھوں کو نسیان کی مرض ہوتی ہے جس کے باعث انکو پڑھا ہوا سبق یا خود کردہ اقرار وغیرہ فوراً بھول جاتا ہے۔ اسکو مرض سہو یا نسیان کہتے ہیں یہ ایک بلغمی فاسد مادہ ہوتا ہے جو دماغ کو کمزور کر دیتا ہے۔ کو اس مرض کے سینکڑوں تجربتی نسخے مروج ہیں۔ مگر یہ ایک کم خرچ بالانشین سہل ترکیب زود اثر اور مجرب نسخہ مجھے بھی ملگیا تھا۔ جو ہدیہ ناظرین ہے۔ نسخہ غیر مفید ہو تو ۱۵ روپے انعام +

نسخہ عقل فہم اور حافظہ بڑھانے مرض نسیان دور کرنے کے علاوہ تمام جسمانی دردوں کو کھوتا اور تقویت باہ معدہ جگر دماغ وغیرہ کی کرتا ہے بارہا دفعہ کے تجربہ سے نہایت اعلے درجہ کا اکسیر اعظم ثابت ہو چکا ہے جو شخص ایک دفعہ استعمال کرتا ہے داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتا +

نسخہ معہ ترکیب ساخت و استعمال وغیرہ

مالکنگنی آدھ سیر کا چھلکا خوب صاف کر لیں۔ پھر اس کے مغز کا تیل اس طرح نکالیں۔ کہ اول مغز کو دھوپ میں خوب خشک کریں۔ پھر اچھی طرح بغیر پانی رگڑیں۔ جب مثل سرمہ ہو جاوے الگ رکھ دیں پھر دیگچی میں پانی ڈالکر۔ رومال سے منہ دیگچی کا باندھ کر چولہے پر چڑھا کر نرم آگ جلاویں پھر سفوف مال کنگنی کو دیگچی کے منہ پر جو رومال بندھا ہے اُس رومال پر بکھیر کر ڈال دیں۔ پھر سفوف اور دیگچی کا منہ کسی ڈھکنہ سے بند کر دیں۔ چند منٹ بعد جبکہ دیگچی والے پانی کے بخارات سفوف مال کنگنی کو بخوبی

تر کر چکیں ڈھکنہ اتار کر رومال کو دیگچی کے منہ سے اٹھا کر اور نکھار کے ہاتھ سے کسی چینی کی پیالی میں نچوڑ کر روغن مال کنگنی نکال لیں۔ اگر کچھ روغن سفوف میں باقی رہجاوے تو اسی طرح دیگچی کے منہ پر دوبارہ وہی رومال اور سفوف باندھ کر بخارات پانی تھوڑا اور پہنچا کر باقی روغن بھی نکال کر شیشی میں ڈال رکھیں۔ وقت ضرورت پتاشے پر ایک قطرہ ڈال کر کھلاویا کریں۔ تھوڑے عرصہ میں فائدہ ہو جاویگا۔ اس کو بنا کر استعمال کے بعد خاکسار کو نتیجہ سے اطلاع دیں اور ثقیل۔ ترشی۔ بلغمی اشیاء سے پرہیز کریں +

ذیابیطس یا سلسل بول

اس مرض میں پیشاب بار بار بکثرت آتا ہے۔ مثلاً دن رات میں جو پیشاب آتا ہے۔ اس کی مقدار قریباً آٹھ دس سیر تک ہو جاتی ہے۔ رنگت پیشاب کی سفید خفیف زردی مائل ہوتی ہے۔ مگر ریت بالکل نہیں ہوتی۔ چونکہ اس مرض میں تمام رات دن پیشاب کرنے میں گذر جاتا ہے۔ جس سے مریض کو نیند لینے کا موقع نہیں ملتا۔ اور مریض کمزور زیادہ ہو جاتا ہے جس کا مجرب نسخہ یہ ہے۔ نسخہ نہایت سریع الاثر ہے۔ تاہم آپکے اطمینان کے لئے اگر غیر مفید ہو تو مبلغ (دس) تین روپیہ بطور انعام ہم دینے کے ذمہ وار ہیں۔

کریم بخش

نسخہ - بورادہ آہن اسپات ۲ تولہ۔ سرکہ انگوری ۸ تولہ شنگرف رومی ۴ تولہ

ترکیب ساخت بورادہ آہن کو اول آدھے سرکہ و شنگرف رومی کے ہمراہ کھرل کریں۔ جب خشک ہو کر ٹکیہ بن جاوے کسی مٹی کے سکورہ میں رکھ کر کوئلے کی تیز آگ میں اس طرح رکھیں کہ منہ

سکورہ کا بند نہ ہو۔ تاکہ آگ کی حرارت سے شنگرف کا دھواں بن کر اڑ جاوے جب دھواں بند ہو جاوے۔ بورادہ کو نکال کر باقی ماندہ سرکہ و شنگرف میں دوبارہ کھرل کر کے۔ پھر اسی طرح دوبارہ شنگرف اڑا دیں۔ جب یہ عمل دوبارہ ہو چکے۔ بس تیار ہے۔ پیس کر شیشی میں بند کر لیں اگر خود بنا نہ سکیں تو ہم کو پیشگی پانچ روپیہ قیمت بھیج کر منگوا لیں ✦

ترکیب استعمال گاؤزبان ایک تولہ کو پانی ۵ اتولہ میں رات بھر بھگو کر صبح ہاتھ سے خوب پوست کی طرح مل کر پرے چھان کر شربت حاصل کر کے حسب طاقت مریض ایک یا دو رتی دوائی اس شربت سے کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو گی۔ مگر یہ عمل پورے تین ماہ تک برابر جاری رکھیں۔ تو پھر کبھی یہ مرض نہ ہو گی۔ آزمودہ ہے۔ بادی اور بلغمی اشیا سے پرہیز کریں۔ اس کو بنانے اور کھانے کے بعد مجھ کو بھی ضرور اطلاع دیں ✦

مرض بائی گولہ یا اختناق الرحم

عموماً یہ مرض عورتوں کو زیادہ ہوا کرتی ہے۔ اور خصوصاً بلوغت سے لیکر ۳۵ برس کی عمر تک خاص کر یہ مرض ان عورتوں کو ہوتی ہے۔ جن کے والدین کسی عصبی مرض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ یا فتور حیض۔ یا زیادہ عیش و عشرت کرنا۔ ریاضت نہ کرنا۔ عشقیہ ناولوں کا پڑھنا وغیرہ وغیرہ۔ یہ مرض دائمی قبض۔ نفخ شکم رنج و غم فکر و تردد غصہ و خوف کثرت دماغی محنت وغیرہ سے بھی ہوتی ہے۔ اس مرض سے جسم میں درد دل کا دھڑکا پیٹ میں گولہ پھرنا۔ دم گھٹنا۔ مریض کا ہاتھ پاؤں مارنا۔ چہرہ سرخ ہونا

چلانا۔ بکواس کرنا۔ ہنسنا۔ رونا۔ بیہوش ہونا۔ وغیرہ وغیرہ عارضے ہوتے ہیں ان سب کے لئے اکسیری نسخہ یہ ہے جس کے غیر مفید یا مضر ثابت کرنے پر دللعہ، روپے انعام لکھ دیا ہے +

نسخہ - جوہر نوشادر ۳ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۲ ماشہ۔ مصبر ۲ ماشہ۔ رس برگ سوہانجنہ حسب ضرورت +

نوٹ جوہر نوشادر بنانے کا طریقہ حصہ اول میں سخت کھانسی و دمہ کے نسخہ میں دیکھو۔ اور کشتہ فولاد بھی حصہ اول میں درج ہے۔ وہاں سے ہر دو بنا کر تیار کر لو +

ترکیب ساخت و استعمال

سب کو پیس کر سوہانجنہ کے رس میں گولیاں نخود برابر باندھو۔ ہر روز صبح و شام بعد کھانا کھانے کے ایک گولی کھلاؤ۔ کچھ عرصہ میں کلی صحت ہو گی۔ بادی۔ بلغمی اشیا سے اور مباشرت سے پرہیز کرو۔ اس کو بنا آزما کر نتیجہ سے خاکسار کو بھی ضرور اطلاع کرو۔ تاکہ آپ کا نام نامی معززین مصدقین کی فہرست میں درج کیا جاوے +

اکسیر نکسیر کے لئے

یہ مرض اکثر گرم خشک مزاج والوں کو ہوتی ہے۔ جو کہ موسم بہار میں زور پکڑتی ہے۔ علاج تو اس کے بہت سے یاد ہیں۔ مگر سب میں سے عمدہ اور اعلےٰ کم خرچ آسان ترکیب نہایت مجرب ایک سنیاسی کا نسخہ درج کرتا ہوں +

نسخہ - چناٹھی جس کو صندل کی لکڑی بھی کہتے ہیں ۲ تولہ +

ترکیب ساخت واستعمال

لکڑی مذکور کو پانی ایک دو قطرہ کے ہمراہ کسی پتھر کی سل پر آدھ گھنٹہ رگڑ کر لعاب کو پختہ مٹی کے کوزہ یا پیالہ پر لیپ کر کے سایہ میں رکھ دو جب وہ بخوبی خشک ہو جاوے کھرچ کر شیشی میں بند کر رکھو۔ وقت ضرورت ایک ایک رتی کی نسوار ہر روز تین چار دفعہ لو۔ انشاء اللہ شفا دے گا +

نوٹ - ہر ایک نسخہ کے بنانے کے بعد نتیجہ سے ضرور مجھ کو اطلاع دیں اگر کوئی دریافت طلب امر ہو تو جوابی کارڈ بھیجکر دوبارہ دریافت کریں تاکید مزید ہے +

متفرق نسخہ جات

بالوں کی جوئیں

بعض انسانوں کو غلاظت اور بدبو کے باعث کپڑوں کے علاوہ سر اور ڈاڑھی کے بالوں میں بھی جوئیں پڑ جاتی ہیں۔ جس کے باعث اُس انسان کو خود تکلیف اور لوگوں کی نظر میں حقیر سمجھا جاتا ہے۔ بلکہ کئی انسان اسکو اپنے پاس بیٹھنے نہیں دیتے۔ یہ جوئیں یعنے چھوٹے چھوٹے کیڑے عام مردوں کی نسبت عورتوں اور سکھوں وغیرہ جن کے بال سر یا ڈاڑھی وغیرہ کے کثرت سے ہوتے ہیں۔ زیادہ تکلیف دہ ہوتی ہیں۔ کیونکہ کیڑے

تو آسانی سے صاف کر لئے جاتے ہیں۔ جس سے وہ فوراً دور ہو جاتی ہیں۔ مگر بالوں سے بصد مشکل دور ہوتی ہیں۔ اس لئے ایک نسخہ مجرب جو کہ ایک سادھو نے سفر میں کسی وقت پر بتلایا تھا۔ اور بارہا تجربہ سے مجرب پایا گیا ہے درج ذیل کرتا ہوں۔ تاکہ کل صاحبان فائدہ اٹھا کر دعاء خیر سے یاد فرماویں

نسخہ تازہ برگ دھتورہ یعنی جوز ماثل کارس ۷ ماشہ۔ پارہ ۷ ماشہ +

ترکیب ساخت و استعمال

دھتورہ کے پتوں کا رس اور پارہ برابر آپس میں حل کر کے اور بالوں کو صابن وغیرہ سے صاف کر کے ایک ہفتہ میں دو دفعہ لگایا کریں۔ اول تو ایک ہفتہ میں ورنہ دو ہفتہ میں ضرور انشاء اللہ آرام ہو جائیگا۔ اس کو بنانے اور آزمانے کے بعد خاکسار کو ضرور اطلاع دیں + غیر مفید ہونے پر عہدہ انعام

جوانی کے کیل

عام لوگوں کو جوانی کے ایام میں بسبب گرم طبع اور جوشِ خون چہرہ پر کیل نکلنے شروع ہو جاتے ہیں۔ جن سے از حد تکلیف ہونے کے علاوہ چہرہ بھی بدصورت ہو جاتا ہے۔ کیونکہ ایک کیل آج نکلا تو دو کل۔ اگر ان کا علاج کیا اور وہ اچھے ہوئے۔ تو پھر چار اور نکل آئے۔ غرضیکہ بعض جوان انسانوں کو تو ایک دھندا ہی پڑ جاتا ہے۔ جس سے وہ از حد گھبرا جاتے ہیں۔ اور ہمیشہ کسی مجرب نسخہ کی تلاش میں رہتے ہیں۔ لہذا ان کی آسانی کے لئے ایک نہایت سہل اور مجرب علاج درج کرتا ہوں امید کہ جو صاحب فیض اٹھاویں۔ دعا خیر سے یاد فرماویں +

نسخہ۔ چھوہارہ کی گٹھلی ایک یا دو عدد سرکہ ا تولہ +

ترکیب ساخت واستعمال

سرکہ کو کسی چھوٹی سی شیشی میں ڈال کر مضبوط بند کر کے اور چھوہارا کی گٹھلی کو ہر وقت پاکٹ میں رکھو۔ جب کیل چہرہ پر نمودار ہو۔ فوراً کسی پتھر یا مٹی کے سخت برتن پر دو بوند سرکہ ڈال کر اور گٹھلی کو گھس کر کیل پر گاڑھا سا لیپ کر دو۔ یہ لیپ فوراً آرام دیگا۔ اس کو بنانے اور آزمانے کے بعد خاکسار کو ضرور اطلاع دیں +

اندھرا تا یعنی رتوندا

یہ ایک ایسی بیماری ہے۔ جس سے آنکھوں میں کچھ درد معلوم نہیں ہوتا۔ اور نہ دن کو کچھ فرق نظر میں آتا ہے۔ مگر جب سورج ڈوب جاتا ہے تو نظر کم ہونے لگتی ہے۔ جب بالکل رات ہو جاتی ہے۔ تو مریض بھی بالکل اندھا ہو جاتا ہے۔ تمام رات ایسا ہی رہ کر صبح پھر بدستور بینائی قائم ہو جاتی ہے۔ اگر اس مرض کا فوراً علاج نہ کر لیا جاوے تو کچھ عرصہ کے بعد مرض موتیا بند ہو جاتی ہے جس سے رات دن ہمیشہ کیلئے انسان اندھا ہو کر بیٹھ جاتا ہے۔ لہذا اس کا بھی نہایت سہل اور کم خرچ مجرب علاج درج کرتا ہوں۔ جس سے انشاء اللہ صاحب مرض مذکور بہت جلد خلاصی پاکر دعا خیر فرماویں گے +

نسخہ۔ گھی یعنی فلفل دراز ۳ عدد تلی بکرا ایک عدد۔ سونف ۳ ماشہ مرچ سیاہ ۳ ماشہ

ترکیب ساخت واستعمال

سب کو جوکوب کرکے پھر تلی کے درمیان میں سوراخ کرکے بھر دیں۔ اور سوراخ کو ذرا سا آٹا لگا کر بند کرکے سخت گرم راکھ میں دبا دیں جب وہ اندر تک پک جاوے۔ تب اندر کے ٹکڑوں کو نکال کر سایہ میں خشک کرکے باریک کھرل کرلیں۔ اور رات کو سوتے وقت دو سلائی ہر روز آنکھوں میں بطور سرمہ لگایا کریں۔ اور رات کو شیر گاؤ نیم سیر گرم کرکے۔ نیم پاؤ جلیبی ڈال کر رکھ دیا کریں۔ صبح وہ دودھ اور جلیب کھا لیا کریں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں آرام ہوگا۔ پرہیز گرم خشک اشیاء دال مسور۔ بیگن۔ مچھلی۔ اچار۔ ترش لسی وغیرہ سے ضرور کریں۔ غذا تری دار کھاویں۔ اس سے فائدہ اُٹھانے کے بعد خاکسار کو ضرور خط لکھیں۔ نسخہ غیر مفید یا مضر ہو تو ایک روپیہ انعام +

منہ کے چھالے

بعض دفعہ گرمی خشکی یا کسی دوائی وغیرہ کے باعث عام مریضوں کے منہ میں چھالے نکل آتے ہیں۔ جس سے انسان اس قدر تنگ ہوتا ہے کہ روٹی پانی تک کھا نہیں سکتا۔ کیونکہ تمام منہ پکنے کے باعث درد ہوتا ہے۔ گو اس مرض کے لئے سینکڑوں مرکب عرق وسفوف ہر ایک کتاب حکمت میں درج ہیں۔ مگر وہ تمام زیادہ محنت کے باعث فضول سمجھ کر چھوڑ دیئے گئے ہیں۔ اور ایک نہایت عجب سہل اور کم خرچ بالانشین صرف ایک دفعہ کے لگانے سے آرام دینے والا مجرب

نسخہ درج کرتا ہوں۔ تاکہ جو صاحب اس کے برقی فوائد کو ملاحظہ فرمادیں وہ بغیر دعا خیر کے ہرگز نہ رہ سکیں۔ مگر ان کا یہ بھی فرض ہوگا۔ کہ فائدہ اٹھانے کے بعد خاکسار کو ضرور اطلاع کریں ✤

نسخہ۔ نیلا تھوتھہ ۳ ماشہ۔ برگ گاؤزبان ۱ تولہ۔ پانی ۳ چھٹانک ✤

ترکیب ساخت و استعمال

نیلا تھوتھا کو کپڑچھان کر کے پانی میں ملادیں۔ اور برگ گاؤزبان جلاکر راکھ کو پیس رکھیں۔ وقت ضرورت نیلا تھوتھہ کے پانی سے غرغرے کر کے منہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔ جب ریم وغیرہ گر چکے تو راکھ گاؤزبان چھالوں پر لگادیں۔ انشاء اللہ یہ عمل دو تین دفعہ کرنے سے آرام ہوجاوے گا۔ غیر مفید ہو تو عاجز روپیہ انعام دیا جائیگا ✤

گلا صاف کرنیکا نہایت سہل علاج

بعض وقت عام واعظوں۔ لیکچراروں۔ غزل۔ نعت۔ شعرخوانوں وغیرہ کا گلا بلند آواز کرنے سے تھک کر خراب ہوجاتا ہے۔ جس سے ان کو ایسے مجرب نسخہ کی از حد تلاش رہتی ہے۔ جس سے ان کا گلا وقت گانے یا لیکچر و وعظ کرنے کے خراب نہ ہو۔ اور ایک جیسا آواز نکلتا رہے۔ چنانچہ اسی قسم کا ایک نسخہ حصہ اول میں بھی درج ہے۔ مگر اس میں ایک جزو کم ہونے کے باعث عام لوگ تحریر کرتے رہے ہیں۔ کہ کوئی نسخہ اور بھی درج ہونا چاہئے۔ اس لئے یہ دوسرا مجرب جو کہ شرطیہ فائدہ مند ہے درج کر کے امید کرتا ہوں۔ کہ جو صاحب اس کو استعمال میں لاویں گے

فائدہ اُٹھانے کے بعد خاکسار کو داد دیں گے۔ یہ نسخہ غیر مفید ہو۔ تو رقم انعام دیا جائیگا +

نسخہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ گوند کیکر ۵ ماشہ۔ چینی ۶ ماشہ۔ سوہاگہ ۶ ماشہ۔ ملٹھ کا آٹا ۶ ماشہ۔ پیلا مول ۶ ماشہ۔ برگ پان سبز ۴ عدد +

ترکیب ساخت واستعمال

برگ پان کے علاوہ سب کو باریک کپڑ چھان کر کے کھرل میں ڈالیں اور برگ پان ملا کر دو روز تک خوب کھرل کریں۔ جب مثل موم کے ہو جاوے گولی بقدر چنا باندھ کر سایہ میں خشک کریں۔ وقت گانے یا وعظ لیکچر کرنے کے ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب نگلتے جاویں آواز بالکل صاف رہے گی۔ بلکہ کھانسی وغیرہ کو بھی ایک گولی فائدہ دے گی آزمودہ ہے

بچوں کے سہل سہل اور عمدہ علاج

حصہ دوم میں چند نسخہ جات عام لوگوں کی فرمایش پر عورتوں اور بچوں کے بھی درج کر دیئے تھے۔ چنانچہ عام پبلک نے اُن نسخوں سے فائدہ اٹھانے کے بعد دوبارہ بچوں کے لئے کئی ایک اور پرائیویٹ نسخے طلب کئے۔ جو چند اصحاب کو قلمی لکھ کر روانہ کر دیئے گئے۔ مگر اب محض رفاہ عام کیلئے وہ نسخے بلکہ کئی اور بھی اس حصہ میں درج کر کے فلاح دارین حاصل کرتا ہوں۔ کریم بخش سیاح ایشیا۔ یورپ۔ امریکہ وغیرہ +

فلاع الطفال یعنی بچہ کا مُنہ پکنا

جس کو پنجابی میں دہجڑہ بولتے ہیں۔ یہ مرض خاص بچوں کو ہوتی ہے۔ اور مہلک ہوا کرتی ہے۔ اگر فوراً علاج کیا جاوے تو بہتر ورنہ بچہ مشکل سے صحتیاب ہوتا ہے۔ اس مرض سے بچہ کا تمام منہ یعنے تالو۔ زبان وغیرہ اندر سے پھول جاتا ہے جس کے باعث بچہ کھانا پینا چھوڑ دیتا ہے علاج اس کا مجرب یہ ہے +

نسخہ۔ پوست سماق یعنے کھٹے مسہر کا چھلکا۔ گل گلاب کے پنکھڑ کشنیز یعنے
۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ

دھنیاں۔ زعفران ۳ ماشہ۔ موم ۶ ماشہ۔ گل روغن ۱ تولہ +

ترکیب ساخت واستعمال

موم اور گل روغن کے علاوہ سب کو باریک خوب پیسکر سفوف تیار کریں پھر موم کو پگلا کر گل روغن ملا دیں۔ پھر سفوف مذکور اس میں حل کر کے شیشی میں ڈال رکھیں۔ وقت ضرورت مرغی کے پر کو دوائی لگا کر زبان اور منہ کے چاروں طرف بار بار دن رات میں کئی دفعہ طلا کریں۔ اور اس کی ماں کو نرم غذا۔ مثلاً دودھ چاول۔ ڈبل روٹی دودھ وغیرہ دیں اور خرفہ وغیرہ کی سبزی ہمراہ روٹی کے کھلا دیں۔ اگر بچہ کو منہ کے درد سے نیند نہ آتی ہو۔ تو اس کی ماں یعنی دایہ جس کا دودھ پیتا ہو اسکو تخم کاہو ۳ ماشہ خشخاش ۶ ماشہ رگڑ کر اور لعاب میں مصری ملا کر پلا دیں۔ انشاء اللہ آرام ہو جائیگا۔ بعد تجربہ اس کے نتیجہ سے اطلاع دیں +

ورم ناف بچہ کیلئے

بعض بیوقوف دایہ وقت تولد بچہ کی ناف باقاعدہ نہیں کاٹتی جس سے زخم بے قاعدہ ہونے پر ہوا لگنے سے سوج جاتا ہے پھر والدہ کی لاپرواہی اور بھی خراب کرتی ہے۔ کیونکہ وہ علاج کی پرواہ نہیں کرتی۔ جس سے وہ دردناک ہوکر بچہ کو باعث تکلیف ٹھیرتا ہے لہذا اس کیلئے بھی مجرب نسخہ درج کرتا ہوں۔ جو درم ناف بچہ کو انشاء اللہ فوراً آرام دیگا۔ آزمودہ ہے۔ غیر مفید ہو تو (دعہ) انعام +

نسخہ۔ مردہ سنگ ۳ ماشہ۔ ریوت ۳ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری ۳ ماشہ روغن گاؤ حسب ضرورت +

ترکیب ساخت واستعمال

روغن کے علاوہ سب کو باریک اور کپڑچھان کرکے سفوف بنا رکھو وقت ضرورت بچہ کی ناف کو نیم گرم روغن گاؤ سے چپڑ کر دھوڑ دیا کرو صرف ایک دو دفعہ یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ صحت ہوگی +

بچوں کے کانوں سے رطوبت بہنا

بعض بچوں کو خشکی گرمی کے باعث کانوں سے رطوبت بہنے لگتی ہے۔ اور بعض دفعہ درد بھی ہوتا ہے۔ اسباب اس کا کان میں کسی پھنسی کا ہونا ہے۔ جس کے لئے مجرب نسخہ درج کر دیا گیا ہے۔ امید کہ خداوند کریم اپنے فضل وکرم سے ضرور صحت دے گا +

نسخہ۔ برگ نیم ۲ تولہ۔ گل روغن ۱ تولہ۔ پانی ۱۵ تولہ +

حکیم صحیح کریم بخش حنائی حیات الشفاء دواخانہ سلمہ کیمیہ۔ گجرات پنجاب

ترکیب ساخت واستعمال

اول برگ نیم کو ۵ تولہ پانی میں چار پہر بھگو رکھیں۔ پھر نرم آگ پر پکا دیں۔ جب پانی ۵ تولہ رہ جاوے مل کر چھانکر حاصل لعاب میں گل خطمی ملا کر دوبارہ آگ پر پکا دیں۔ جب تمام پانی جلکر صرف تیل رہجاوے شیشی میں ڈال رکھیں اور بوقت ضرورت نیم گرم کر کے ایک ایک قطرہ کان میں ڈالیں انشاء اللہ صحت دے گا۔ اس کے نتیجہ سے مجھ کو بھی اطلاع دیں

بچہ کے چہرے کی پھنسیاں

اگر بچہ کے چہرے پر پھنسیاں ہوں تو سمجھ لو کہ اس کی ماں کو خون کا فساد ہے۔ اس لیے اس کی ماں کو پنڈلیوں پر پچھ لگا کر خون نکلوائیں اور بچہ کے چہرہ پر یہ نسخہ استعمال کریں +

نسخہ۔ گل گلاب ۶ ماشہ۔ تخم موڑیوں ۶ ماشہ۔ دانہ جو ۶ ماشہ۔ مردہ سنگ ۲ ماشہ سفیدہ ۵ (۳ ماشہ) گل روغن دو ماشہ +

ترکیب ساخت واستعمال

اول جو کو کوٹ کر دردرا کریں۔ پھر گل گلاب۔ تخم موڑیں ہر سہ ملا کر آدھ پاؤ پانی میں پکا کر چھانکر بچہ کا چہرہ اس پانی سے دھویا کریں اور مردہ سنگ و سفیدہ کو پیس کر کپڑ چھان کر کے گل روغن میں ملا کر پھنسیوں پر لیپ کریں انشاء اللہ آرام ہو جائیگا۔ آزمودہ ہے +

سفوف گھنڈی یعنی چونڈی بچہ

کبھی کبھی بعض بچوں کو گھنڈی پڑ جاتی ہے۔ جس کے باعث بچہ سوکھ کر کانٹا ہو جاتا ہے۔ نشانی اس مرض کی یہ ہے کہ گردن زیادہ سوکھ جاتی ہے۔ اور تالو سر سے نیچا ہو جاتا ہے۔ کان پتلے پڑ جاتے ہیں۔ اور دست بھی کبھی سبز کبھی سرخ جاری رہتے ہیں۔ جس کا مجرب نسخہ یہ ہے ✤

نسخہ ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی ۳ ماشہ۔ کتھ ۳ ماشہ۔ ماجو ۳ ماشہ۔ انار کی ڈوڈی ایک عدد ✤

ترکیب ساخت انار کے پھل کے اوپر جو ڈوڈی ہوتی ہے وہ لیکر خوب خشک کر کے مذکورہ بالا کل ادویہ کے ہمراہ ملا کر خوب باریک پیس کر کپڑ چھان کر رکھیں ✤

ترکیب استعمال وقتِ ضرورت ماں کے دودھ میں ایک ماشہ سفوف گھول کر پلاویں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ نہ صرف اسی نسخہ کو بلکہ کل نسخوں کو بنا کر آزما کر مجھ کو ضرور اطلاع دیں تاکہ آپ کا نام نامی معززین کی فہرست میں درج کیا جاوے ✤

بچوں کی مرگی دبوجھ دشکمی بیماریوں اور خون وغیرہ کے لئے

یہ نسخہ بالکل بے دام اور فائدہ عام رکھتا ہے۔ کیونکہ اس سے چھوٹے بچوں کو بہت سی بیماریوں سے یقینی فائدہ ہوتا ہے۔ مثلاً بوجھ ہو۔ تو

اسہال لاتا ہے۔ مرگی کو دفع کرتا ہے۔ بدہضمی کو دور خون کو فوراً صاف کرتا ہے۔ جس کا نسخہ یہ ہے ٭

نسخہ۔ بیخ حنظل یعنے تمہ کی جڑھ ۵ تولہ۔ عرق گلاب ۱ پاؤ نوشادر ۶ ماشہ

ترکیب ساخت واستعمال

اول تمہ کی جڑھ کو عرق گلاب میں چھوٹا چھوٹا کرکے آٹھ پہر بھگو رکھیں پھر آگ پر پکاویں جب آدھا عرق جل جاوے۔ اتار کر مل کر چھانکر نوشادر ملاکر دوبارہ پکاویں۔ جب سب پانی جل جاوے اور صرف نوشادر لعابدار رہجاوے اتار کر رکھ دیں۔ سرد ہونے پر پیسکر سفوف بنا رکھیں۔ یاد رہے کہ قلعی شدہ دیگچی یا مٹی کی ہانڈی میں پکانا ہوگا۔ وقت ضرورت مذکورہ بالا امراض کے لئے ۲ رتی ۲ قطرہ شہد میں ملاکر بچہ کو چٹاویں ٭

بچوں کے دست قے وکھانسی کیلئے

بعض بچوں کو کھانسی اس قدر ہوتی ہے۔ کہ انکو دودھ پیا ہوا ہضم نہیں ہوتا۔ اور دست بھی جاری ہو جاتے ہیں۔ جس سے بچہ نہایت لاچار اور والدین اس کے غمناک رہتے ہیں۔ کیونکہ ایسے نازک وقت میں ان کو کوئی مجرب نسخہ یاد نہیں ہوتا۔ لہذا ہر عیالدار کی بہتری کو مدنظر رکھ کر یہ مجرب نسخہ درج کر دیا ہے۔ تاکہ بچہ بیمار ہونے سے پہلے ان کے والدین اس کو بنا رکھیں اور وقت پر اپنے علاوہ کسی ہمسایہ کے کام بھی لاکر موجب دعا خیر کا ہوں

نسخہ معہ ترکیب ساخت واستعمال

کاکڑاسنگی ۶ ماشہ۔ مگھاں یعنے فلفل دراز ۶ ماشہ۔ اتیس ۶ ماشہ۔ شہد ۶ ماشہ سب کو باریک کپڑچھان کر کے شہد میں حل کر رکھیں۔ بوقت ضرورت بار بار انگلی سے تھوڑا تھوڑا چٹاویں۔ انشاء اللہ کھانسی بلکہ دست اور بخار کو بھی شافی شفا دے گا۔

فربہی بچہ یعنی بچہ کو موٹا کرنا

بعض بچے کمزور لاغر حقیر اور ہر وقت بیمار رہتے ہیں۔ مگر یہ تمام والدین کی سستی اور غفلت کی وجہ ہے۔ کیونکہ وہ باقاعدہ انکی خوراک۔ پوشاک اور صفائی کا انتظام نہیں کرتے گران کی غذا اور صفائی کا پورا انتظام کریں تو ہرگز یہ تکالیف بھی نہ اٹھاویں۔ اور بچہ بھی دن بدن ہوشیار خوبصورت اور موٹا تازہ ہوتا جائیگا۔ لہذا ان کی سہولت کے لئے ایک عمدہ اور آسان طریقہ درج کرتا ہوں۔ جس سے بچہ تندرست خوبصورت اور طاقتور ہو کر پرورش پاتا رہیگا۔ اگر یہ نسخہ غیر مفید ثابت ہو تو (عنایت) دس روپے انعام بھی میں دونگا

نسخہ معہ ترکیب ساخت واستعمال

مکھن گاؤ تازہ حسب ضرورت۔ دیسی شکر تری حسب ضرورت۔ جب بچہ چار ماہ کا ہو جاوے تو تازہ مکھن گائے ۳ ماشہ۔ دیسی کھانڈ یعنی شکر تری بطور ذائقہ ملا کر ہر روز چٹاویں ہر چار یوم کے بعد ایک ماشہ بڑھا دیا کریں اور ہر چار یوم بعد غسل دیکر مصفا پوشاک بدل دیا کریں۔ جس بچہ کے لئے یہ عمل تین سال تک بدستور جاری رکھیں۔ انشاء اللہ اس کا بدن تمام عمر مثل فولاد رہیگا۔ اور کوئی بیماری نزدیک تک نہ آئیگی بلکہ ذہین اول درجہ کا ہوگا۔

پتہ حکیم شیخ کریم بخش سیالکوٹی۔ سیاح ایشیا۔ یورپ۔ امریکہ وغیرہ۔ گجرات۔ پنجاب

نوٹ۔ بچوں کے اور نسخے حصہ اول و دوم سے ملاحظہ کریں

فصل دوم کشتہ جات

عام لوگوں کی خواہش کو دیکھ کر ہمنے چند کشتے پچھلے دو حصوں میں بھی درج کئے ہیں۔ اور جو وہاں سے رہ گئے ہیں۔ وہ اس جگہ درج کرتا ہوں فائدہ اُٹھا کر دعا خیر سے یاد فرماویں۔ حکیم شیخ کریم بخش سنیاسی

کشتہ تانبہ جو سفید ہوگا

تانبہ ۶ ماشہ۔ شیر مدار ۱ تولہ۔ بوٹی قاضی دستار ۴ تولہ یعنی دو دہک۔ ڈنڈا ۱ زقوم یعنے تھوہر ایک بالشت۔ اُپلہ کلاں ۲۵ سیر +

ترکیب ساخت و استعمال

اول تانبہ کو کوئلہ کی تیز آگ میں سُرخ کر کے خیر میں تین بار بجھاؤ دیں۔ پھر بوٹی قاضی دستار کا نگدا کر کے اور ڈنڈا از قوم میں سوراخ ۶ انچہ گہرا کر کے اور نگدہ مذکور تانبہ مذکور کے زیر بالا دیکر مضبوط بند کر کے ایک گڑھے میں پانچ سیر کی خوب زور سے آگ دیں۔ اسی طرح بار بار پانچ آگ سے انشاء اللہ تعالیٰ سفید ہوگا۔ پیکر۔ طاقت مردانہ۔ درد مفاصل۔ سخت کھانسی۔ بلغمی دمہ کیلئے ایک چاول سکھن میں۔ اور پھولہ جالا پڑوال کیلئے نیم چاول آنکھ میں استعمال کریں۔ پڑوال اکھاڑ کر لگانا چاہیئے۔

کشتہ تانبہ کا اکسیر بینظیر

یہ کشتہ چاندی سے زیادہ قیمتی بن کر اپنے وجود سے گئی حصہ زیادہ چاندی

دلاتا ہے۔ کیونکہ چاندی کا نرخ ۱۴ ماشہ اس کا نرخ للعث ۴ روپیہ تولہ ہے کیوں جناب چاندی کیا یہ تو سونا سے بڑھ کر جواہرات بن گیا۔ رہی یہ بات کہ ایسا قیمتی کشتہ ہر کس و ناکس بنا نہیں سکتا کیوں؟ اس لئے کہ یہ فقرائی لٹک کا پردہ فاش کرنے پر بڑے بڑے کاملین کا دل دھڑک جاتا ہے۔ اور سینکڑوں اسی دُھن میں برسوں خدمت کر کے اور در بدر رہو کر آخر ش خالی ہاتھ رہجاتے ہیں۔ فی زمانہ جو سنیاسی فقیر اس فن میں ماہر ہیں۔ وہ بھی تعصب سے بھر پور دیکھے۔ اگر بصد منت اُنسے پوچھو تو صاف کہدیتے ہیں کہ ہم کو خود ہی بنانا نہیں آتا۔ یا ہم نے یہ اپنی روٹی کا آسرا رکھا ہوا ہے اے رب العالمین تو ان کو جتلا کہ رازق تم سب کا میں ہوں۔ نہ کشتہ وغیرہ حکمت کے نسخے۔ چنانچہ یہ نسخہ مجھکو بھی بڑی محنت اور خدمت سے ایک خاص خواجہ صاحب قریشی کی مہربانی سے ملا تھا۔ جو بارہا آزمایا۔ لیکن آج تک خطا نہ ہوا۔

نسخہ مٹی کی پختہ ہانڈی ایک عدد۔ شیر مدار یعنی اک ۳ تولہ ہڑتال ورقی ۱ تولہ۔ تانبہ بشکل پیسہ ۷ ماشہ اُپلہ کلاں ۳۰ سیر پختہ۔ برگ مدار سبز تازہ ۱۲ سیر۔

ترکیب خت و استعمال و غذا و پرہیز وغیرہ

اول ۷ ماشہ ہڑتال کو شیر مدار ایک تولہ میں کھرل کر کے دو عدد ٹکیہ بنالیں پھر ہانڈی میں برگ مدار ۲ سیر ڈالکر اور ہر دو ٹکیہ کے درمیان ایک پیسہ یا تانبا بشکل پیسہ رکھکر ہانڈی مذکور میں مدار کے پتوں پر رکھ دیں۔ پھر اور مدار کے دو سیر پتے ان ٹکیہ کے اوپر ہانڈی میں خوب زور سے منہ تک ٹھوس کر

بھر دیں غرضیکہ دونوں ٹکیہ کے درمیان پیسہ اور پتوں کے درمیان ٹکیہ ہانڈی میں رکھ کر ایک بڑے گڑھے میں ۱۲ سیر آپلہ کی آگ لگا دیں۔ اسی طرح تین آگ تازہ مصالحہ کے ہمراہ دینے کے بعد ہانڈی سے پیسہ نکالکر باریک سرمہ کی طرح پیسیں جس قدر باریک پسا ہوگا اسی قدر زیادہ مفید ہوگا۔ پھر جذام کیلئے مکھن میں نیم چاول اس طرح کھلا دیں۔ کہ اول ایک ٹپ یعنے کنال پانی کا بھر کر اور مریض کو اس میں بٹھلا کر دوائی آمیز مکھن کھلا دیں۔ بیس منٹ کے بعد مریض کو پاخانہ کی حاجت ہوگی پانی سے باہر پاخانہ کرا دیں۔ اور پھر پانی میں بٹھلا دیں۔ اسی طرح بار بار جب پاخانہ آوے باہر پاخانہ کرا کر پانی میں بٹھلا دیں دوسرے روز دوسری خوراک پھر اسی طرح پانی میں بٹھلا کر مکھن سے کھلا دیں۔ اگر پانی میں بیٹھنے کی طاقت مریض میں نہ ہو۔ تو تمام دن بار بار مریض کے بدن پر پانی ڈالیں تیسرے روز ایک خوراک اور اسی طرح مکھن میں دیویں اور بدن پر متواتر پانی ڈالتے جاویں۔ انشاء اللہ تین روز میں تمام بدن کے زخم خشک ہو کر اور کھجلی ہو کر چھلکا اتر جاویگا۔ اور بیماری کا نام تک نہ رہیگا لیکن غذا میں دودھ گھی بار بار میٹھا ملا کر جس قدر زیادہ پلاؤ گے مریض کو امن اور فائدہ ہوگا۔ مگر نمک۔ مرچ۔ ترشی وغیرہ کی سخت طرح کی پرہیز کرا دیں۔ نسخہ غیر مفید ہو تو (صہ) انعام +

کشتہ ہڑتال ورقی

کشتے ہڑتال وتانبہ حصہ اول و دوم میں بھی درج ہیں۔ مگر یہ دوسرے طریق سے کشتہ کرنے کے قاعدے نہایت آسان درج کر دیئے ہیں۔ یہ ہڑتال کا کشتہ ہر قسم کے تپ کو جو روزانہ آتا ہے اکسیر اعظم ہے۔ اس سے

صرف تین روز میں صحت ہوتی ہے۔ نسخہ غیر مفید ہو تو دے) انعام ✤

نسخہ معہ ترکیب ساخت و استعمال

زنگار ایک تولہ۔ ہڑتال درقی ۲ تولہ۔ رس کنوار گندل حسب ضرورت اوپلہ کلاں ۲۰ سیر۔ زنگار اور ہڑتال کو پیسکر رس کنوار گندل میں گولی بناؤ اور دو سکوروں میں رکھ کر آپلہ کلاں کی آگ دیں۔ جب آگ سرد ہو جاوے پیس چھانکر شیشی میں ڈال رکھیں پھر ایک رتی پتاشہ یا منقی کے دانہ میں رکھ کر ہر قسم تپ پر پانی سے کھلا دیں ✤ غلطی نسخہ پر مار روپیہ انعام ✤

کشتہ شنگرف اکسیری

یہ کشتہ نہیں اکسیر ہے۔ جو سینکڑوں دفعہ بنایا اور لکھو کھہا مریضوں پر آزمایا۔ ہر طرح مجرب پایا امید کہ یہ مدلوس کے اکسیری راز۔ جو صاحب میرے ایام زندگی میں بنا کر فیض اٹھاویں دعا خیر کے علاوہ مجھکو بھی ضرور اطلاع دیں ✤ نسخہ غیر مفید ہو تو معہ انعام مجھ سے لیں ✤

نسخہ معہ ترکیب ساخت و استعمال

شنگرف رومی ۱ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ پارہ ۶ ماشہ۔ اولہ سار ۶ ماشہ رکھ درخت ڈھاک ۱ سیر۔ انڈہ مرغی سیاہ یعنی کرک ناتھ ایک عدد کوئلہ ڈھاک یعنی چھپرہ ۔ ۴ سیر۔ اول چار ادویہ کو سفیدی انڈے سے چار پہر خوب کھرل کریں۔ جب خشک ہو جاوے۔ انڈہ مذکور کے اسی خول میں بھر کر اور گل حکمت کر کے سایہ میں خشک کر لیں۔ پھر ایک گڑھ میں آگ اس